آڈٹ بیورو آف سرکولیشن ABC CERTIFIED باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

MEMBER OF APNS & CPNE

روزنامہ Daily SHAL شال کوئٹہ

www.dailyshal.com

جلد نمبر 32 | بروز بدھ 12 اگست 2020ء بمطابق 22 ذوالحجہ 1441ھ قیمت 5 روپے | شمارہ نمبر 218

حکومت سیلاب متاثرین کے نقصانات کا ازالہ کریگی

وزیراعلیٰ بلوچستان

حکومت عوام کے شانہ بشانہ کھڑی ہے' حکومت ضلع ہرنائی سمیت صوبے کے تمام اضلاع کو ترقی دلانے کیلئے ہر ممکن کوشش کررہے ہیں ہرنائی میں سیلاب سے جو نقصانات ہوئے ہے حکومت متاثرین کے نقصانات کا ازالہ کریگی

ہرنائی سروتی حفاظتی بند، کلی مرزا، کلی لعل خان حفاظتی بندات کی تعمیر ایمرجنسی بنیادوں پر جلد سے تعمیر کیا جائے ہرنائی سیلاب سے متاثرہ پل اور ہرنائی وپنجاب قومی شاہراہ ندی نالوں پر دو نئے پلوں کی تعمیر کا اعلان کرتا ہوں

حکومت بلوچستان، پاک فوج اور ایف سی و دیگر فورسز کی جانب سے متاثرہ علاقوں میں ہنگامی بنیادوں عوامی ریلیف کی فراہمی کیلئے اقدامات کررہے ہیں عوام کو مشکل گھڑی میں تنہا نہیں چھوڑے گے' وزیراعلیٰ بلوچستان

ہرنائی (آن لائن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر جام کمال خان نے کہا کہ صوبائی حکومت بارش وسیلاب سے متاثرہ اضلاع کے عوام کے نقصانات کا ازالہ کرنے اور رابطہ سڑکوں کی بحالی کیلئے تمام وسائل کو بروئے کار لاری ہیں ہرنائی سروتی حفاظتی بند، کلی مرزا، کلی لعل خان حفاظتی بندات کی تعمیر ایمرجنسی بنیادوں پر جلد سے تعمیر کیا جائے ہرنائی سیلاب سے متاثرہ پل اور ہرنائی وپنجاب قومی شاہراہ ندی نالوں پر دو نئے پلوں کی تعمیر کا اعلان کرتا ہوں جبکہ سیلاب سے متاثر ہونے والے متاثرین کے نقصانات کا ازالہ کرنے کیلئے پی ڈی ایم اے کو جلد اپنی کمشنر کو فنڈز ریلیز کرنے کی ہدایت جاری ان خیالات

بقیہ نمبر 1 صفحہ 3 پر

سبی' وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال خان کوہی اور نصیر آباد ڈویژن میں حالیہ بارش اور سیلاب کی صورتحال اور امداد وبحالی کی سرگرمیوں کے حوالے سے بریفنگ دی جارہی ہے

کوئٹہ مساجد باجماعت نماز کے اوقات

فجر	4:24
ظہر	2:00
عصر	5:45
مغرب	7:12
عشاء	08:45

اہل تشیع

فجر صبح	04:15
ظہر	01:00
مغرب	07:27

بلوچستان کے سرکاری اسپتالوں میں او پی ڈیز کھولنے کا حتمی فیصلہ

منگل کو محکمہ صحت کے کورونا وائرس آپریشن سیل کے انچارج کے جاری کردہ ایک اعلامیے کے مطابق صوبے کے تمام سرکاری ہسپتالوں میں بند او پی ڈیز کو 15 اگست سے کھولنے کا فیصلہ کیا گیا ہے

طے کردہ تاریخ پر بلا تاخیر عوام کو سرکاری سطح پر علاج معالجے کی معیاری سروسز کی فراہمی کا عمل شروع کیا جاسکے' کوویڈ کی غیر معمولی صورتحال میں محکمہ صحت بلوچستان کے زیر انتظام اسپتال فعال رہے

بلاشبہ سرکاری اسپتالوں کی او پی ڈیز کی بندش سے عوام کو مشکلات کا سامنا رہا تاہم کورونا وائرس کی روک تھام کے لیے ایسا اقدام ناگزیر تھا' اللہ تعالیٰ کی مدد سے اس وبا پر قابو پانے میں کامیاب رہیں گے

کوئٹہ (این این آئی+آن لائن) حکومت بلوچستان نے 15 اگست سے صوبے کے سرکاری ہسپتالوں میں او پی ڈیز کھولنے کا فیصلہ کرلیا، ہسپتالوں میں کورونا وائرس کے علاوہ دیگر امراض کے مریضوں کو داخل اور علاج کیا جائیگا۔ منگل کو محکمہ صحت کے کورونا وائرس آپریشن سیل کے انچارج کے جاری کردہ ایک اعلامیے کے مطابق صوبے کے تمام سرکاری ہسپتالوں میں بند او پی ڈیز کو 15 اگست سے کھولنے کا فیصلہ کیا گیا ہے اس حوالے سے تمام ایم ایس کو مراسلہ بھی ارسال کردیا گیا ہے جس میں کہا گیا ہے کہ ہسپتالوں میں کورونا وائرس سے بچاؤ کے لئے بہترین انتظامات کئے جائیں اور انفیکشن کنٹرول کے ضابطہ کار پر سختی سے عملدرآمد کو یقینی بنایا جائے جبکہ ہسپتالوں میں کورونا وائرس کے علاوہ باقی تمام امراض کے مریضوں کو داخل کیا جائیگا واضح

بقیہ نمبر 2 صفحہ 3 پر

چیئرمین سینٹ محمد صادق سنجرانی سے صوبائی مشیر میر محمد خان لہڑی ملاقات کررہے ہیں

بلوچستان میں طوفانی بارشوں سے مزید 3 افراد جاں بحق 7 افراد زخمی

بارشوں سے جھل مگسی، جعفر آباد، خضدار، ہرنائی اور دیگر اضلاع میں 861 مکانات تباہ جبکہ 46 مکانات کو جزوی نقصان پہنچا ہے

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان میں طوفانی بارشوں سے مزید 3 افراد جاں بحق، پچھلے تین دنوں میں 4 بچوں اور 2 خواتین سمیت 13 افراد حالیہ بارشوں سے جاں بحق جبکہ 7 افراد زخمی ہوگئے ہیں، بارشوں سے جھل مگسی، جعفر آباد، خضدار، ہرنائی اور دیگر اضلاع میں 861 مکانات

بقیہ نمبر 3 صفحہ 3 پر

بلوچستان بھر سے اہم خبریں

کوئٹہ میں کرنٹ لگنے سے 1 بچہ جاں بحق

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ میں کرنٹ لگنے سے 1 بچہ جاں بحق پولیس کے مطابق منگل کو کوئٹہ کے علاقے

بقیہ نمبر 28 صفحہ 3 پر

کرم اللہ سینئر گرافر ڈسٹرکٹ ایڈیشن کورٹ ڈیرہ بگٹی کو ملازمت سے برخاست کردیا گیا' عدالت عالیہ بلوچستان

کوئٹہ (این این آئی) عدالت عالیہ بلوچستان کے ایک سرکلر کے مطابق کرم اللہ سینئر گرافر ڈسٹرکٹ ایڈیشن

بقیہ نمبر 27 صفحہ 3 پر

مبینہ کاروکاری کے شبہ میں فائرنگ ایک شخص جاں بحق دوسرا زخمی ہوگیا

مستونگ (این این آئی) مستونگ میں مبینہ کاروکاری کے شبہ میں فائرنگ ایک شخص جاں بحق دوسرا

بقیہ نمبر 30 صفحہ 3 پر

ژوب میں کھائی میں گر کر ایک شخص جاں بحق

ژوب (این این آئی) ژوب میں کھائی میں گر کر ایک شخص جاں بحق پولیس کے مطابق منگ کو ژوب کے

بقیہ نمبر 29 صفحہ 3 پر

ملک بھر سے اہم خبریں

پچھلے سال جولائی کے مقابلے میں سال جولائی میں پاکستان کی برآمدات 5.86 فیصد بڑھی ہیں، ڈاکٹر شہباز گل

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم کے معاون خصوصی برائے سیاسی ابلاغ ڈاکٹر شہباز گل نے کہا ہے

بقیہ نمبر 31 صفحہ 3 پر

چیف جسٹس کے کراچی سے متعلق ریمارکس سے مکمل اتفاق کرتا ہوں، وفاقی وزیر علی زیدی

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر بحری امور علی زیدی نے کہا ہے کہ چیف جسٹس آف پاکستان کے

بقیہ نمبر 32 صفحہ 3 پر

نیب دفتر کے باہر لگی کارکنوں پر پولیس تشدد قابل مذمت ہے' بلاول بھٹو

لاہور (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے کہا ہے کہ نیب دفتر کے

بقیہ نمبر 33 صفحہ 3 پر

وزیراعظم سے شیخ رشید احمد کی ملاقات، ایم ایل ون منصوبے پر پیش رفت کے حوالے سے آگاہ کیا

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم عمران خان سے وزیر ریلوے شیخ رشید احمد نے ملاقات کی جس میں

بقیہ نمبر 34 صفحہ 3 پر

ملک میں 33 احساس نشوناما مراکز قائم کئے جارہے ہیں، ثانیہ نشتر

ضلع دیر بالا میں پہلا احساس نشوناما مرکز قائم کردیا گیا ہے، دیر بالا میں 6 نشوناما مراکز کھولے جائیں گے، بیان

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم کی معاون خصوصی برائے سماجی تحفظ ڈاکٹر ثانیہ نشتر نے کہا ہے کہ ملک کے 9 اضلاع میں 33 احساس نشوناما مراکز قائم کیے جارہے ہیں۔ ایک بیان میں ثانیہ نشتر نے بتایا کہ ضلع دیر بالا میں پہلا احساس نشوناما مرکز قائم کردیا گیا ہے،

بقیہ نمبر 11 صفحہ 3 پر

معاشرے میں کتاب اور صاحب کتاب کی قدر ومنزلت اجاگر کرنے میں پبلشرز کا کلیدی کردار ہے، گورنر بلوچستان امان اللہ خان یاسین زئی

کوئٹہ (این این آئی) گورنر بلوچستان امان اللہ خان یاسین زئی منگل کے روز صوبے کے مایہ ناز پبلشر، گوشہ ادب اور سیل اینڈ سروسز ٹیک ڈپو کے مالک مرحوم منصور بلوری کی رہائش گاہ پر گئے اور ان کے لواحقین سے تعزیت کرتے ہوئے کہا کہ معاشرے میں کتاب اور صاحب کتاب کی قدر ومنزلت اجاگر کرنے میں

بقیہ نمبر 13 صفحہ 3 پر

صوبائی وزراء میر ضیاء لانگو، عبدالخالق ہزارہ اور اراکین اسمبلی میر جان جمالی اور قادر بلیدی اسمبلی اجلاس سے قبل بات چیت کررہے ہیں

پاکستان اور ترکی امت کے مفادات، اتحاد اور مضبوطی کے لئے دو اہم شراکت دار ہیں' شہباز شریف

مسلم لیگ (ن) کے سے پاکستان میں ترکی کے سفیر احسان مصطفیٰ یردکل کی ملاقات، دوطرفہ باہمی دلچسپی کے امور پر تبادلہ خیال

لاہور (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے صدر و قائد حزب اختلاف محمد شہباز شریف سے پاکستان میں ترکی کے سفیر احسان مصطفیٰ یردکل نے ملاقات کی۔ اس موقع پر دوطرفہ اور باہمی دلچسپی کے امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ شہباز شریف نے

بقیہ نمبر 10 صفحہ 3 پر

اوتھل کے قریب سوزوکی الٹ گئی، ایک بچی اور خاتون سمیت دو افراد جاں بحق، 14 افراد زخمی

اوتھل (این این آئی) اوتھل کے قریب سوزوکی الٹ گئی، ایک بچی اور خاتون سمیت دو افراد جاں بحق، 14 افراد زخمی، زخمیوں میں سے دو کی حالت تشویشناک بتائی جاتی ہے، حادثہ تیز رفتاری کے باعث پیش آیا، تفصیلات کے مطابق کنڈ واللہ یار سے بیلہ آنے والی ایک سوزوکی منگل کی شام اوتھل کے قریب وتی مسجد

بقیہ نمبر 12 صفحہ 3 پر

کرنٹ لگنے سے ہلاکتوں کا مقدمہ ای او کے کے الیکٹرک کے خلاف درج کیا جائے، سپریم کورٹ

بجلی جو 21 لوگ مرگئے اس کا ذمہ دار کون ہے؟ لوگ گھروں کے اندر مرے ہیں، وکیل کے الیکٹرک بلکہ کیا سڑکوں پر تھے؟ ہے، چیف جسٹس

سپریم کورٹ نے کے الیکٹرک سے حضرات تک مکمل نام ان طلب کرلیا، 13 اگست سے لوڈشیڈنگ کے نوٹس سے متعلق بھی پالیسی طلب

کراچی (این این آئی) چیف جسٹس پاکستان گلزار احمد نے کراچی میں لوڈشیڈنگ، کرنٹ لگنے سے لوگوں کی ہلاکتوں پر کے الیکٹرک پر سخت برہمی کا اظہار کرتے ہوئے ریمارکس دیے ہیں کہ شہر میں کرنٹ لگنے سے جتنی بھی ہلاکتیں ہوئی ہیں، سب کے مقدمے میں ای او کے الیکٹرک کا نام شامل کیا جائے اور ان کا نام ای سی ایل میں بھی ڈالا جائے بلکہ کے الیکٹرک کا تفصیلی آڈٹ کروایا جائے۔ سپریم کورٹ کراچی رجسٹری میں چیف جسٹس گلزار احمد کی سربراہی میں بینچ نے شہر قائد میں

بقیہ نمبر 14 صفحہ 3 پر

ہم اقلیتوں کی مذہبی وشخصی آزادی اور یکساں حقوق کے لئے جدوجہد کرتے رہیں گے، شیری رحمان

قائداعظم نے اپنی 11 اگست کی تقریر میں اقلیتوں کے حقوق، مکمل آزادی اور ان مساوات کی بات کی، بیان

اسلام آباد (این این آئی) نائب صدر پیپلز پارٹی سینیٹر شیری رحمان نے کہا ہے کہ ہم اقلیتوں کی مذہبی وشخصی آزادی اور یکساں حقوق کے لئے جدوجہد کرتے رہیں گے۔ منگل کو نائب صدر پیپلز پارٹی سینیٹر شیری رحمان نے اقلیتوں کے قومی دن پر اپنے پیغام میں کہا کہ اقلیتوں کو

بقیہ نمبر 15 صفحہ 3 پر

IMF سے کے آنے پاکستان کے اعتماد میں اضافہ ہوا ہے، مشیر خزانہ

ایم ایل ون اور بھاشا ڈیم منصوبوں سے اقتصادی سرگرمیاں بڑھ رہی ہیں، ڈیڑھ لاکھ لوگوں کیلئے ملازمتیں پیدا ہوں گی، بجلی اور توانائی کے شعبہ کی بہتری اور اصلاحات وزیراعظم عمران خان کی ترجیحات میں پہلے نمبر پر ہیں

حکومت سرکاری شعبہ کے کاروباری اداروں کی اصلاح اور بہتری میں پرعزم ہے، چھوٹے گھروں کی تعمیر کیلئے 5 فیصد کی شرح سے قرضے دیئے جائیں گے اور جو کمی ہوگی وہ حکومت اپنی جیب سے دے گی، ڈاکٹر عبدالحفیظ شیخ

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم کے مشیر برائے خزانہ ڈاکٹر عبدالحفیظ شیخ نے کہا ہے کہ آئی ایم ایف کے آنے سے پاکستان کے اعتماد میں اضافہ ہوا ہے اور پاکستان پر اچھا اثر ہو رہا ہے، ایم ایل ون اور بھاشا ڈیم منصوبوں سے اقتصادی سرگرمیاں بڑھ رہی ہیں، ڈیڑھ لاکھ لوگوں کیلئے ملازمتیں پیدا ہوں گی، بجلی اور توانائی کے شعبہ کی بہتری اور اصلاحات وزیراعظم عمران خان کی ترجیحات میں پہلے نمبر پر ہیں، حکومت سرکاری شعبہ کے کاروباری اداروں کی اصلاح اور بہتری میں پرعزم ہے، چھوٹے گھروں کی تعمیر کیلئے 5 فیصد کی شرح سے قرضے دیئے جائیں گے اور جو کمی ہوگی وہ

بقیہ نمبر 4 صفحہ 3 پر

حکومت ملک وقوم کے وسیع تر مفاد میں اقدامات اٹھا رہی ہے' ضیاء لانگو

متاثرین کی جانب سے پیش کئے گئے 10 نکات میں سے 8 نکات پر اتفاق ہوگیا ہے

اسی سلسلے میں پاک افغان بارڈر پر بحالی کا کام تیزی سے جاری ہے، صوبائی وزیر داخلہ

کوئٹہ (آن لائن) صوبائی وزیر داخلہ میر ضیاء اللہ لانگو نے کہا ہے کہ حکومت بلوچستان پاک افغان چمن بارڈر مسئلے کے حل کیلئے کوشاں ہے، متاثرین کی جانب سے پیش کئے گئے 10 نکات میں سے 8 نکات پر اتفاق ہوگیا ہے دو مطالبات کا تعلق وفاق سے جس بارڈر مسئلے سے متعلق بنائی گئی کمیٹی اپنی سفارشات مرتب کریگی اور پھر وزیراعلیٰ بلوچستان کو پیش کرنے کے بعد وفاقی حکومت سے رابطہ کیا جائیگا۔ چمن کے عوام کو روزگار دینے کیلئے لیویز، پی ڈی ایم اے اور این ایل سی میں ملازمتیں موجود ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے پاک افغان بارڈر کی بندش اور اس سے پیدا ہونے والی صورتحال سے متعلق منعقدہ اجلاس کے بعد میڈیا نمائندوں سے بات چیت کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر صوبائی وزراء انجینئر زمرک خان اچکزئی، عبدالخالق ہزارہ، حاجی نور محمد دمڑ، ممبر صوبائی اسمبلی مہین لغاری سمیت دیگر حکام بھی موجود تھے۔ صوبائی وزیر داخلہ میر ضیاء لانگو نے کہا کہ عزت کش اور تاجر برادری کی جانب سے

بقیہ نمبر 6 صفحہ 3 پر

متوسط وغریب طبقے کے لوگ دو وقت کے کھانے کیلئے پریشان ہیں، مولانا عبدالحق ہاشمی

کورونا، ٹڈی دل، سیلاب وبارش اور مہنگائی وبدعنوانی نے عوام کی زندگی اجیرن بنادی ہے

الخدمت فاؤنڈیشن صوبہ بھر میں سیلاب متاثرین کی مدد کرنے کیلئے متحرک وفعال ہیں، امیر جماعت اسلامی بلوچستان

کوئٹہ (این این آئی) امیر جماعت اسلامی بلوچستان مولانا عبدالحق ہاشمی نے کہا کہ کورونا، ٹڈی دل، سیلاب وبارش اور مہنگائی وبدعنوانی نے عوام کی زندگی اجیرن بنادی ہے متوسط وغریب طبقے کے لوگ دو وقت کے کھانے کیلئے پریشان ہیں۔ سیلاب وبارش متاثرین کی مدد وبحالی وقت کی اہم ضرورت ہے اللہ اللہ جماعت اسلامی الخدمت فاؤنڈیشن صوبہ بھر میں سیلاب متاثرین کی مدد کرنے کیلئے متحرک وفعال ہیں، حکومت متاثرین سیلاب وبارش کو فی الفور ریلیف پہنچا کر انہیں

بقیہ نمبر 20 صفحہ 3 پر

مستونگ میں سڑک کنارے نصب بم کا دھماکہ کوئی جانی نقصان نہیں ہوا

مستونگ (این این آئی) مستونگ میں سڑک کنارے نصب بم کا دھماکہ کوئی جانی نقصان نہیں ہوا، تفصیلات کے مطابق گزشتہ شب مستونگ کے ولی خان یوسف تھانہ کی حدود میں حیری گلی ہزار خان کے قریب دو دھماکوں کی آواز سنی گئی جس پر سیکورٹی فورسز نے علاقے کو گھیرے میں لیکر چیک تو معلوم ہوا کہ ایک دھماکہ

بقیہ نمبر 19 صفحہ 3 پر

عوام کے جان ومال اور روزگار کا تحفظ اولین ترجیح ہے' نور محمد دمڑ

پاک افغان بارڈر پر بازہ کی تعصیب کا منصوبہ ملک دشمن عناصر کے ناپاک عزائم کی راہ میں رکاوٹ ہے بازہ کی تعصیب سے دہشت گردی اور غیر قانونی نقل وحمل کا خاتمہ ہوگا

دہشت گرد عناصر اپنے مزموم مقاصد کے حصول کے لیے چمن سمیت صوبے کا امن تباہ کرنا چاہتے ہیں جو کبھی بھی وہ اپنے اس ناپاک عزائم میں کامیاب نہیں ہونگے' صوبائی وزیر پی ایچ ای

برنالی (آن لائن) بلوچستان عوامی پارٹی کے مرکزی رہنما، صوبائی وزیر پی ایچ ای، واسا حاجی نور محمد خان دمڑ نے چمن بم دھماکے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے دہشت گردی کی بزدلانہ کارروائی میں قیمتی جانی نقصان پر انتہائی دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ دہشت گرد عناصر اپنے مزموم مقاصد کے حصول کے لیے چمن سمیت صوبے کا امن تباہ کرنا چاہتے ہیں جو کبھی بھی وہ اپنے اس ناپاک عزائم میں کامیاب نہیں ہونگے۔ پاک افغان بارڈر پر بازہ کی تعصیب کا منصوبہ ملک دشمن عناصر کے ناپاک عزائم کی راہ میں رکاوٹ ہے بازہ کی تعصیب سے دہشت گردی اور غیر قانونی نقل وحمل کا خاتمہ ہوگا اور سرحدی علاقوں سمیت صوبہ بھر میں امن وامان کی صورتحال میں بہتری آئے گی صوبائی حکومت عوام کے تعاون سے چمن سمیت تمام

بقیہ نمبر 8 صفحہ 3 پر

چھانگہ مانگہ سیاست این آر او پروپیگنڈے اور سازشیں ان لیگی سیاست کا محور ہے، ڈاکٹر شہباز گل

گلوبٹوں کے ذریعے سرکاری املاک پر حملے اور ججز کو بلیک میل کرنا مسلم لیگ ن کی روایت رہی ہے، معاون خصوصی

اسلام آباد (این این آئی) معاون خصوصی برائے سیاسی رابطہ ڈاکٹر شہباز گل نے شہباز شریف کے بیان پر ردعمل کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ چھانگہ مانگہ سیاست این آر او پروپیگنڈے اور سازشیں ان لیگی سیاست کا محور ہے۔ ایک بیان میں ڈاکٹر شہباز گل نے کہا کہ شریف خاندان پاکستان کی سیاسی تاریخ کا سیاہ باب ہے، آپ لوگوں نے گزشتہ 30 سالوں میں صرف مال اکٹھا کرنے کی سیاست ہے۔ ڈاکٹر شہباز گل نے کہا کہ سپریم کورٹ پر حملہ کرنے والی جماعت نے آج

بقیہ نمبر 26 صفحہ 3 پر

اراکین صوبائی اسمبلی نواب اسلم رئیسانی اور نصر اللہ خان زیرے اسمبلی اجلاس میں بات چیت کررہے ہیں

ہمیں محروم بچوں کی تعلیم اور بہتری کے لئے مل کر کام کرنا چاہیے' بشریٰ رند

نئی نسل آگے بڑھ کر دنیا کو ایک بہتر مقام بنا سکتی ہے اور ہمیں ان کی بہتر تربیت کرنے کی ضرورت ہے، چیئرپرسن کیو ڈی اے

کوئٹہ (آن لائن) صوبائی مشیر و چیئرپرسن کیو ڈی اے بشریٰ رند نے منگل کے روز ایس او ایس ویلیج کا دورہ کیا اور فیسی قلب پاکستان کی جانب سے ایس او ایس ویلیج کے بچوں کیلئے میوزیکل پروگرام میں بطور مہمان خصوصی شرکت کی۔ اس موقع پر انہوں نے اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ہمیں محروم بچوں کی تعلیم اور بہتری کے لئے مل کر کام کرنا چاہیے تاکہ انہیں معاشرے کا کارآمد شہری بنایا جاسکے۔ انہوں نے کہا کہ نئی نسل آگے بڑھ کر دنیا کو ایک بہتر مقام بنا سکتی ہے اور ہمیں ان کی بہتر تربیت کرنے کی ضرورت ہے تاکہ انہیں آگے بڑھنے میں آسانی ہو۔ انہوں نے کہا کہ ایس

بقیہ نمبر 16 صفحہ 3 پر

لاہور: پاکستان مسلم لیگ ن کی نائب صدر مریم نواز ماڈل ٹاؤن میں پریس کانفرنس کررہی ہیں

بلوچستان معدنیات کی سرزمین ہے، یہاں سعودی کمپنیوں کی جانب سے دلچسپی میں بھی کامیاب سرمایہ کاری کی جاچکی ہے' فرمان زرکون

خصوصاً توانائی اور تیل وگیس کے شعبے میں بڑے پیمانے پر سعودی کمپنیوں نے سرمایہ کاری کی ہے، بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ کے چیف ایگزیکٹو فرمان زرکون

کوئٹہ (این این آئی) جدہ میں پاکستانی قونصلیٹ کی جانب سے گزشتہ روز پاکستان میں سرمایہ کاری کے مواقع اجاگر کرنے کے سلسلے میں قونصل جنرل خالد مجید کی زیر صدارت آن لائن پاکستان انویسٹمنٹ سیمینار کا انعقاد کیا گیا جس میں بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ کے چیف ایگزیکٹو فرمان زرکون، وفاقی، پنجاب اور سندھ کے بورڈ آف انویسٹمنٹ کے حکام سمیت اوورسیز سرمایہ کاروں اور بزنس کمیونٹی کے افراد نے شرکت کی، سیمینار میں پاکستان میں سرمایہ کاری کیلئے مختلف شعبوں کو اجاگر

بقیہ نمبر 21 صفحہ 3 پر

تحصیل جھل مگسی کے گوٹھ ماگر کے مقام پر دو کم عمر لڑکیاں ڈوب کر جاں بحق

جھل مگسی (این این آئی) تحصیل جھل مگسی کے گوٹھ ماگر کے مقام پر دو کم عمر لڑکیاں ڈوب کر جاں بحق ذرائع کے مطابق منگل کو تحصیل جھل مگسی کے گوٹھ ماگر کے مقام پر چارپائی اور ڈرموں سے بنی کشتی کی رسی کھل جانے سے دو کم عمر لڑکیاں ڈوب کر جاں بحق ہوگئی ذرائع سے

بقیہ نمبر 25 صفحہ 3 پر

صوبائی حکومت عوام کو مشکل کی اس گھڑی میں تنہا نہیں چھوڑے گی' بابو رمضان لانگو

نقصانات کا ازالہ کرنے کے لیے ہر ممکن اقدامات اٹھائیں گے' عبداللہ جان زہرانی لانگو

منگچر (آن لائن) صوبائی حکومت عوام کو مشکل کی اس گھڑی میں تنہا نہیں چھوڑے گی نقصانات کا ازالہ کرنے کے لیے ہر ممکن اقدامات اٹھائیں گے وزیر داخلہ بلوچستان میر ضیاء اللہ لانگو سے اپیل ہے کہ قلات کو آفت زدہ قرار دیا جائے جائے ان خیالات کا اظہار بلوچستان عوامی پارٹی قلات کے ضلعی آرگنائزر بابو رمضان لانگو، سابق ڈسٹرکٹ چیئرمین قلات میر عبداللہ جان زہرانی لانگو، حاجی عبدالحمید زہرانی لانگو کا مریڈ نصیر احمد لانگو، ماما

بقیہ نمبر 22 صفحہ 3 پر

معصوم لوگوں کی زندگیوں سے کھیلنے والوں کو عبرتناک نشان بنا کر دم لینگے' محمد خان طور

معصوم انسانوں کے قتل عام میں ملوث افراد انسان نہیں درندے ہیں حکومت چمن کے عوام کو بے یار ومددگار ہرگز نہیں چھوڑے گی

حکومت کی رٹ کو کسی صورت چیلنج نہیں کرنے دینگے' عوام کی حفاظت حکومت کی آئینی وقانونی ذمہ داری میں شامل ہے، حاجی محمد خان طور اتمانخیل

لورالائی (این این آئی) بلوچستان عوامی پارٹی کے مرکزی رہنما، صوبائی وزیر صنعت وحرفت حاجی محمد خان طور اتمانخیل پارلیمانی سیکرٹری جنگلات وجنگلی حیات ایم پی اے سردار مسعود لونی نے اپنے مشترکہ بیان میں چمن میں اے این ایف آفس کے سامنے ریموٹ کنٹرول بم دھماکے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا کہ دھماکے میں چھ افراد کے شہادت اور اکیس سے زائد افراد کے زخمی ہونے کی جتنی مذمت کی جائے وہ کم ہے انہوں نے کہا کہ معصوم انسانوں کے قتل عام میں ملوث افراد انسان نہیں درندے ہیں معصوم لوگوں کی زندگیوں سے کھیلنے والوں کو ہر صورت عبرت کا نشان بنا کر دم لینگے

بقیہ نمبر 9 صفحہ 3 پر

پاکستانی نوجوانوں کو اللہ تعالیٰ نے بے پناہ صلاحیتوں سے نوازا ہے' قاسم سوری

پاکستان اور جاپان کے مابین اقتصادی وسماجی شعبوں میں تعاون کو فروغ دینے کے وافر مواقع موجود ہیں

پاکستان جاپان کے ساتھ اپنے دیرینہ تعلقات کو بڑی اہمیت دیتا ہے؛ ڈپٹی اسپیکر قومی اسمبلی

کوئٹہ/اسلام آباد (این این آئی) ڈپٹی اسپیکر قومی اسمبلی قاسم خان سوری نے کہا ہے کہ پاکستان جاپان کے ساتھ اپنے دیرینہ دوستانہ تعلقات کو بڑی اہمیت دیتا ہے اور پارلیمانی واقتصادی رابطوں کو فروغ دے کر موجودہ تعلقات کو مزید وسعت دینے کا خواہشمند ہے۔ انہوں نے کہا کہ دونوں ممالک میں اقتصادی وسماجی شعبوں میں تعاون کو فروغ دینے کے وافر مواقع موجود ہیں جنہیں دونوں اقوام کے بہترین مفاد کے لیے بروئے کار لایا جاسکتا ہے۔ انہوں نے ان خیالات کا اظہار پاکستان میں تعینات جاپان کے سفیر Mr. Kuninori Mastsuda سے گفتگو کرتے ہوئے کیا جنہوں نے منگل کے روز پارلیمنٹ ہاؤس میں ڈپٹی اسپیکر سے ملاقات کی۔ ڈپٹی اسپیکر نے دونوں ممالک کی پارلیمانوں قریبی رابطوں کی ضرورت پر زور دیتے ہوئے کہا کہ دونوں ممالک کی پارلیمنٹ دوطرفہ تعلقات کو مستحکم بنانے اور دونوں ممالک کو قریب لانے میں اہم کردار ادا کرسکتی ہیں انہوں نے بتایا کہ پاکستان کی قومی اسمبلی میں پاک۔

بقیہ نمبر 5 صفحہ 3 پر

کورونا وائرس کی وجہ سے کچھ معاملات آگے پیچھے ہوئے ہیں، حکومت کسانوں کے ساتھ کھڑی ہے

قومی اسمبلی میں کھاد اور بیجوں پر دی جانے والی سبسڈی کا شکاروں تک نہ ملنے پر توجہ دلاؤ نوٹس پر پارلیمانی سیکرٹری کا جواب

سبسڈی کسان کا حق ہے اسے ملنی چاہیے، صوبائی حکومتوں پر زراعت سے وابستہ لوگوں کا اعتماد نہیں بڑھ رہا، امیر سلطان

اسلام آباد (این این آئی) قومی اسمبلی میں کھاد اور بیجوں پر دی جانے والی سبسڈی کا شکاروں تک نہ ملنے پر توجہ دلاؤ نوٹس پر بتایا گیا ہے کہ کورونا وائرس کی وجہ سے کچھ معاملات آگے پیچھے ہوئے ہیں، حکومت کسانوں کے ساتھ کھڑی ہے۔ منگل کو کھاد اور بیجوں پر دی جانے والی سبسڈی کا شکاروں تک نہ ملنے پر توجہ دلاؤ نوٹس ایوان میں سردار غالب حسین گشکوری نے پیش کیا۔ امیر سلطان پارلیمانی سیکرٹری فیصل آباد نے خود سیکرٹری نے کہا کہ کورونا وائرس کی وجہ سے کچھ معاملات آگے پیچھے

بقیہ نمبر 17 صفحہ 3 پر

ایم پی اے واٹک میر حاجی زاہد علی ریکی کی چیئرمین سینیٹ صادق سنجرانی سے کوئٹہ میں ملاقات

ماشکیل (این این آئی) ایم پی اے واٹک میر حاجی زاہد علی ریکی نے چیئرمین سینیٹ صادق سنجرانی سے کوئٹہ میں ملاقات کی۔ ملاقات میں ایم پی اے واٹک میر حاجی زاہد علی ریکی نے چیئرمین سینیٹ صادق سنجرانی کا نوکنڈی ماشکیل روڈ کو وفاقی پی ایس ڈی پی میں شامل کرنے پر خصوصی شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ یہ

بقیہ نمبر 18 صفحہ 3 پر

تعلیم کے فروغ میں پرائیویٹ تعلیمی اداروں کا کلیدی کردار ہے

آگہی بلوچستان

عالمی وبا کووڈ 19 سے پیدا ہونے والی صورتحال کے پرائیویٹ تعلیمی اداروں اور ان سے متعلقہ افراد پر بھی منفی اثرات مرتب ہوئے ہیں

عالمی وبا کووڈ۔ 19 سے پہنچنے والے نقصانات سے آگاہ کیا' اس وقت پرائیویٹ تعلیمی ادارے کئی مشکلات ومسائل سے دوچار ہیں، امان اللہ خان یاسین زئی

کوئٹہ (این این آئی) گورنر بلوچستان امان اللہ خان یاسین زئی نے کہا ہے کہ معاشرے میں تعلیم کے فروغ اور خواندگی کی شرح میں اضافہ کے حوالے سے پرائیویٹ تعلیمی اداروں کا کلیدی کردار ہے، انہوں نے کہا کہ عالمی وبا کووڈ 19 سے پیدا ہونے والی صورتحال کے پرائیویٹ تعلیمی اداروں اور ان سے متعلقہ افراد پر بھی منفی اثرات مرتب ہوئے ہیں، ان خیالات کا اظہار انہوں نے منگل کے روز گورنر ہاؤس کوئٹہ میں بلوچستان ایجوکیشن فاؤنڈیشن کے چیئرمین ڈاکٹر جسٹس (ر) ناصر خان

روزنامہ شال کوئٹہ
Daily SHAL
www.dailyshal.com

اداریہ
EDITORIAL

لکھنے کے خواہش مند حضرات اپنے کالم اور مضامین مندرجہ ذیل پتے پر بھیج دیں۔
پتہ: شال گروپ آف پبلی کیشنز 1 مریم ٹاؤن سبزل روڈ کوئٹہ۔
ای میل ایڈریس برائے اشتہارات۔ addshalquetta@gmail.com
ای میل ایڈریس برائے مضامین وخبریں۔ shalquetta@gmail.com

12 اگست 2020ء

تمام مذاہب اور اقوام کے ساتھ یکساں سلوک کرنا ہوگا

صدر مملکت عارف علوی نے کہا ہے کہ ریاستِ مدینہ کی مثالی ریاست ہمیں اقلیتوں کے ساتھ بردباری اور انصاف کا رویہ روا رکھنے کا درس دیتی ہے، میثاقِ مدینہ میں، مدینہ میں بسنے والے تمام مذاہب کے لوگوں کو ان کے سیاسی، سماجی اور معاشی حقوق کی ضمانت دی گئی۔ آج کا دن پاکستانی تاریخ میں خصوصی اہمیت کا حامل دن ہے۔ ہم اپنی اقلیتوں سے رواداری سے پیش آنے کے وعدے کی تجدید کرتے ہیں، قائداعظم محمد علی جناح نے 11 اگست 1947ء کو پاکستان کی دستور ساز اسمبلی کے سامنے اقلیتوں کو برابری کے حقوق دینے کا وعدہ کیا تھا۔ اقلیتوں کے ساتھ رواداری ہمارے معاشرے کے خمیر میں شامل ہے، ہمارا عظیم مذہب اسلام بھی تمام مذاہب کے ساتھ بردباری کا سبق دیتا ہے۔ صدر عارف علوی نے کہا کہ ریاستِ مدینہ کی مثالی ریاست ہمیں اقلیتوں کے ساتھ بردباری اور انصاف کا رویہ روا رکھنے کا درس دیتی ہے۔ میثاقِ مدینہ میں، مدینہ میں بسنے والے تمام مذاہب کے لوگوں کو ان کے سیاسی، سماجی اور معاشی حقوق کی ضمانت دی گئی۔ اقلیتوں نے ہر شعبہ زندگی میں پاکستان کی تعمیر وترقی کیلئے گراں قدر خدمات سرانجام دیں۔ اقلیتی برادری کے افراد تعلیم، طب، افواج اور بیورکریسی سمیت مختلف شعبوں میں ملکی تعمیر وترقی میں کلیدی کردار ادا کر رہے ہیں۔ ہر شہری آج عہد کرے کہ انفرادی سطح پر اپنے ہم وطنوں کا بلاتفریق خیال رکھے گا، آج ہم اس عزم کا اعادہ کرتے ہیں کہ اقلیتوں کے خلاف تعصبانہ رویے سے گریز کریں گے، معاشرے میں برداشت، رواداری اور بھائی چارے کی فضا کو برقرار رکھنے کے عزم کا اعادہ کرتے ہیں، ملکی تعمیر وترقی کیلئے پاکستان میں بسنے والے تمام مذاہب اور اقوام کے ساتھ یکساں سلوک کرنا ہوگا۔

14 اگست یوم آزادیِ مملکتِ اسلامہ پاکستان

میر افسر امان

پاکستان مثل مدینہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے مسلمانانِ برصغیر کو عطیہ ہے جس کی جتنی بھی قدر کی جائے کم ہے۔

مدینہ الٰہی مسلمانوں کے لئے آگے بڑھنے کی بنیاد تھی تو موجودہ پاکستان مثل مدینہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے اس تسلسل کو آگے بڑھانے کا ذریعہ بنے گا ان شاء اللہ۔ پاکستان کچھ آسانی سے نہیں بن گیا تھا اس کے لئے مسلسل جدوجہد کی گئی تھی اللہ تعالیٰ نے حضرت قائداعظم محمد علی جناح کے ہاتھوں سے اس کی بنیاد رکھی اور اس کو ہمیشہ کے لئے اپنی رحمت کے سائے میں لے لیا۔ یہ کوئی خوش گمانی نہیں ہے بلکہ حقیقت ہے ہندوؤں کی آبادی کے طوفان سے، ہندوستان کے متحدہ قومیت کے پرفریب نعروں سے، انہوں کی مخالفت سے، کیمونسٹوں کو شکست سے اور مروجہ جمہوری طریقے اپناتے ہوئے پاکستان کی کشتی کو طوفانوں سے نکال کر کنارے پہنچانا صرف اور صرف اللہ تعالیٰ کی مدد اور حضرت قائداعظم محمد علی جناح کی ذہانت، مسلسل جدوجہد اور اخلاص کی وجہ سے ہوا۔ جب برعظیم کے مسلمانوں کے اپنے اللہ کے سامنے یہ کلمہ رکھا کہ "پاکستان کا مطلب کیا؟ لا الہ الا اللہ" تو اللہ تعالیٰ نے پاکستان کو تحفہ کے طور پر مسلمانانِ برعظیم کو عطا کیا۔ اس کی حفاظت ہمارے ایمان کا حصہ ہے۔ کسی شاعر نے اسی سلسلے میں کہا تھا اور کیا خوب کہا تھا۔

ہم لائے ہیں طوفان سے کشتی نکال کے
اس ملک کو رکھنا میرے بچو سنبھال کے

ہمارے آباؤ اجداد نے اپنے بزرگوں کی قبروں کو چھوڑا، ہزاروں سالوں سے جن علاقوں میں رہ رہے تھے اُن علاقوں کو چھوڑا، پاکستان کی مہم میں حصہ لیا، ہندوستان کے جن علاقوں میں پاکستان نہیں بنتا تھا اس علاقوں کے مسلمانوں نے بھی اپنا مذہبی فریضہ سمجھتے ہوئے پاکستان کی جدوجہد میں حصہ لیا تھا۔ پورا ہندوستان ان نعروں سے گونج رہا تھا۔ "بن کے رہے گا پاکستان"۔۔۔۔۔ "لے کے رہیں گے پاکستان"۔۔۔۔۔ پاکستان کا مطلب کیا "لا الہ الا اللہ"۔۔۔۔۔ "مسلم ہے تو مسلم لیگ میں آ"۔ ان لوگوں کے دل کے اندر مثل مدینہ ایک ریاست تھی جہاں اسلام کا بھول بالا ہوتا تھا۔ کیوں نہ ہو پاکستان بنانے والے محترم قائد کا یہ وعدہ تھا جب پاکستان وجود میں آجائے گا تو اس میں قرآن اور حدیث کی روشنی میں ایک اسلامی فلاحی ریاست قائم کی جائے گی۔ اس لیے ۲۴ لاکھ انسانی جانوں کا نذرانہ مسلمانانِ ہند نے پیش کیا تھا۔ عزت مآب خواتین کی آبروریزی کی گئی۔ معصوم بچوں کو نیزوں کی نوک پر اُچھالا گیا۔ کھربوں کی املاک کا نقصان برداشت کیا گیا۔ دنیا کی سب سے بڑی ہجرت ہوئی۔ ان گنت واقعات ہیں کیا کیا بیان کیا جائے۔

پورے ہند کے صوبوں کی مختلف تہذیب، تمدن، ثقافت اپنی اپنی انفرادیت قائم رکھتے ہوئے ایک اسلام کی تہذیب، تمدن، ثقافت میں تبدیل ہوگئی۔ مختلف قومیتوں نے ایک ملت رسول ہاشمی کا روپ دھار لیا۔ ایک قومی زبان اُردو اختیار کر لی۔ اس موقعہ پر شاعر اسلام اقبال کا شعر یاد آرہا ہے:۔

اپنی ملت پہ قیاس اقوام مغرب سے نہ کر،
خاص ہے ترکیب میں قوم رسول ہاشمی۔

پورے ہندوستان کی مسلم قومیں ملت رسول ہاشمی کی شکل اختیار کر گئیں۔ اسی جذبے سے مختلف زبانوں نے ایک زبان اُردو کو اپنی قومی زبان بنا لیا۔ جیسے رسول نے خطبہ حجۃ الوداع میں فرمایا تھا۔ مسلمان آپس میں بھائی بھائی ہیں۔ پاکستان ایک مثل مدینہ کی شکل میں مسلمانانِ ہند کے دلوں کے اندر سما گیا تھا۔ انہیں مدینہ کی اسلامی ریاست، جو رسول نے اللہ کے حکم سے قائم کی تھی وہ اور خلافت راشدہ کا نظام، جس کو خلفاء راشدین نے کامیابی سے چلا کر دنیا کو دکھایا تھا یاد آگئی۔ دلوں کے اندر ایک جذبہ تھا جس نے پاکستان کے خواب کو حقیقت کے روپ میں ڈھال دیا۔ ہمارا رب، ہم سے خوش ہوا اور ایک ریاست "پاکستان" مسلمانوں کو اللہ کی طرف سے تحفہ کی صورت میں مل گئی۔ علامہ اقبال کا خواب اور قائداعظم کا قول، کہ پاکستان اُس وقت وجود میں آگیا تھا جب ہندوستان کا پہلا شخص مسلمان ہوا تھا، پورا ہوگیا۔

پاکستانیو! جب سے پاکستان بنا ہے کیا مصیبتوں میں گرا ہوا نہیں ہے؟ مقتدر حلقوں نے اسے تباہی کے دھانے پر پہنچا دیا ہے۔ یہ اللہ کا کرم اور غیبی مدد نہیں تو اور کیا ہے؟ کہ اس نے پاکستان کو قائم رکھا ہوا ہے اور اللہ کے حکم سے ابد تک قائم رہے گا (ان شاء اللہ) بس ہم سب اپنا اپنا حصہ اس کی ترقی اور بقاء کے لئے لگا دیں۔ پاکستان کی آزادی کے وقت اللہ سے کیا ہوا وعدہ پاکستان کا مطلب کیا "لا الہ الا اللہ" پورا کرنے لے لیے پاکستان میں اسلامی فلاحی ریاست کے قیام کے لیے اپنی کوششوں دو چند کر دیں۔

پاکستانیو! آپ کی نگاہ اس طرف نہیں گئی ہے دنیا کی تاریخ میں اتنی طویل مدت میں کوئی بھی ملک اتنا دباؤ نہیں برداشت کر سکتا جتنا پاکستان نے کیا ہے۔ یہ وہ پاکستان ہے جس نے ۷۲ سال کی عمر میں ۷ جنگیں لڑیں (۱) تقسیم کے وقت ۱۹۴۸ء کی میں پاک بھارت کشمیر کی جنگ۔ (۲) 1965ء میں ہندوستان کی مسلط کردہ پاک بھارت جنگ۔ (۳) 1971ء میں ہندوستان کی طرف سے مسلط کردہ پاک بھارت جنگ (4) 1999ء میں کارگل کی پاک بھارت جنگ۔ (۵) ۱۹۷۹ء میں دنیا کی سپر پاور طاقت روس سے افغانستان میں جنگ اور دنیا کی سب سے بڑی، ۵ لاکھ مہاجرت کو اپنے ملک میں پناہ دی۔ آج ۳۳ سال گزر جانے کے باوجود اب بھی ۱۷ لاکھ سے زیادہ افغان مہاجرین پاکستان میں موجود ہیں جن کا بوجھ پاکستان برداشت کر رہا ہے (۶) ۲۰۰۱ء سے موجودہ دوسری سپر پاور امریکہ کی مسلط کردہ جنگ۔ (۷) بھارت کے بالاکوٹ پر فضائی کی جنگ جس میں بھارت کے دو جہاز گرائے اور ایک پائلٹ ابھی نندھن کو گرفتار کیا۔ اس کے باوجود پاکستانیوں پاکستان زندہ بلکہ ایٹمی قوت بھی ہے۔ یہ وہ پاکستان ہے جس نے عرب اسرائیل جنگ میں اسرائیل کے چھ ایف سولہ جہاز گرائے تھے۔ جب کہ سارا عرب اسرائیل کے آگے گھٹنے ٹیک چکا تھا۔

یہ وہ پاکستان ہے جس نے ۱۹۹۹ء میں سری لنکا کی ۶۰۰۰ آرمی کو انڈیا کے تربیت یافتہ تامل ٹائگر کے محاصرے میں تھی، تو پوری دنیا میں صرف پاکستان نے ہی آگ اور خون کے میدان میں اُتر کر سری لنکا کی آرمی کو بچایا لیا۔۔۔۔۔ یہ وہ پاکستان ہے جس کے خلاف امریکا، اسرائیل انڈیا اور امریکہ نے اتحاد کر لیا ہے لیکن اس وقت تک وہ اللہ کے حکم سے ناکام ہیں۔ یہ وہ پاکستان ہے جس کو ناکام ریاست کے مقام تک پہنچانے کے لیے عالمی سازشیں کام کر رہی ہیں۔ اس ملک کی معیشت کو تباہ کر دیا گیا ہے اور مزید تباہ کرنے کے لیے مقامی ایجنٹ پیدا کر لیے گئے ہیں۔ جنہوں نے عالمی سازش کے تحت پاکستان کے معاشی حب کراچی میں تباہی مچائی ہوئی ہے۔ تاکہ اس کی معیشت کو ختم کر کے ایک ناکام ریاست بنا کر اس کے ایٹمی پروگرام کو ختم کیا جائے یا اسے اقوام متحدہ کے حوالے کر دیا جائے۔

اس سازش کو بین الاقوامی میڈیا بھی آشکار کر چکا ہے۔ جس کی ہمارے سپہ سالار نے امریکا کے صدر اوباما کو تحریری شکایت بھی کی ہے۔ یہ وہ پاکستان ہے جسے تباہ کرنے کے لیے پڑوس میں، ۱۰ ملکوں سے زیادہ ناٹو افواج موجود ہیں جن کی شہ پر آئے دن اس کی سرحدوں پر افغانستان سے حملے ہو رہے ہیں۔ تازہ دھمکی ناٹو فوج کے چیف نے دی کہ جب تک شمالی وزیرستان میں حقانی نٹ ورک کے خلاف آپریشن نہ ہوگا سرحد پر حملے ہوتے رہیں گے۔ ۲۰۰۱ء میں امریکا کی دھمکی کے وجہ سے ہمارے بزدل فوجی جنرل پرویز مشرف نے اپنے پڑوسی مسلمان ملک، جس کے ساتھ ہماری سرحدیں محفوظ تھیں، امریکہ کو بحری، بری اور فضائی لاجسٹک سہولتیں دیں۔ اس کو جنگی استعمال کے لیے پاکستان کے ایئر پورٹ دیے۔ پاکستان میں فوجی اڈے قائم کرنے کی اجازت دی۔ پاکستان کا نام نہاد اتحادی امریکا اس کو آئے دھمکیاں دیتا رہتا ہے۔ (جاری ہے)

سیکرٹری بلدیات وڈپٹی کمشنر کو نوٹس لیں

میر اسلم رند

میٹروپولیٹن کے چند علاقوں کی وجہ سے شہر میں لاکھوں انسان تکلیف میں مبتلا ہیں آج سے 20 سال پہلے میٹروپولیٹن کے سائیکل اسٹینڈ کی جگہ اور حدود متعین تھے اس لکیر سے آگے کوئی سائیکل یا موٹر سائیکل اسٹینڈ والا تجاوز نہیں کر سکتا تھا لیکن آج لیکس برانچ کی ملی بھگت سے تمام شہر میں غیر قانونی اسٹینڈ بنائیں گئے ہیں اور ان تمام اسٹینڈ والوں نے اپنے اپنے حدود سے تجاوز کر لیا ہے ہمارے طرف سے بارہا منع کرنے کے باوجود دھندا پارٹی نے شہر کے تمام پاکنگز کا حدود غیر قانونی طور پر بڑھا دیا ہے گزشتہ کئی سالوں سے سائیکل اسٹینڈ اور پارکنگ کی نیلامی کے لئے اشہار دیا جاتا ہے اس نیلامی کے نرخ اتنے زیادہ رکھے جاتے ہیں تاکہ کوئی ٹھیکیدار ٹھیکہ نہ لے سکیں پھر انہی پارکنگ کو بندر بانٹ کے ذریعے اپنے قریبی لوگوں کو ڈیلی ویجز پر دیا جاتا ہے جس سے میٹروپولیٹن کو سالانہ کروڑوں روپے کا نقصان پہنچتا ہے آج پتہ چلا ہے کہ اسی مافیا نے چھوڑی گلی کے ساتھ ایک غیر قانونی اسٹینڈ قائم کر دیا ہے جس سے خواتین کا گزرنا محال ہو گیا ہے گذشتہ 2 ہفتے پہلے خواتین کی سہولت کے لئے ایس پی ٹریفک نے عبدالستار روڈ پر رکشوں کا داخلہ بند کر دیا تھا جس کی وجہ سے ٹریفک کی روانی میں کافی فرق پڑ گیا تھا لیکن موجودہ اسٹینڈ بنانے سے خواتین کا گزرنا محال ہو گیا ہے علاقے والوں سے پتہ چلا ہے رستہ تنگ ہونے کی وجہ سے آج کئی خواتین ساتھ نالی میں گری ہیں اور اسی اسٹینڈ کے ساتھ سید ظہور آغا کا گھر ہے جو 100 سال سے ان کا خاندان رہائش پذیر ہے یہ روڈ بھی آرٹ سکول روڈ یا سید ظہور روڈ ان کے والد کے نام سے منصوب ہے انہوں بھی فون کر کے شکایت کی ہے کہ اگر خوامخواہ اس اسٹیڈ میں کوئی نا خوشگوار واقعہ پیش آیا تو سب سے پہلے میرا گھر خطرے میں ہے جناب محترم سیکرٹری بلدیات وڈپٹی کمشنر صاحب آپ دونوں سے یہ التجا ہے چند روپے کے فائدے یا کسی خاص شخص کو فائدہ پہنچانے کی خاطر پورے 50 مارکیٹوں کا رستہ بند کرنا کہاں کا انصاف ہے پہلے ہی اس اسٹینڈوں میں خودبرد کی وجہ سے نیب میں کیس زیر التواء ہے اس میں مزید پریشانی پیدا کرنا سمجھ سے بالاتر ہے کیونکہ علاقے کا سابقہ ناظم یا کونسلر ہونے کے ناطے سے میرا فرض بنتا ہے عوام کی تکلیف سے آپ حکام بالا کو آگاہ کروں جب مجھے پتہ چلا میں نے ایک مہینہ پہلے لیکس برانچ کو ایسے غیر قانونی اسٹینڈ بنانے سے منع کیا تھا لیکن وہ اپنے فائدے کی خاطر شہر میں مسائل بڑھا رہے ہیں اگر آپ لوگوں نے اس غیر قانونی اسٹینڈوں کے خلاف ایکشن نہیں لیا تو میں مجبور ہوں اس غیر قانونی اقدامات کے خلاف احتجاج کروں امید آپ حضرات میرے اس التجاء پر ایکشن لیں گے

متعلقہ برانچ والوں کا کہنا ہے آپ ہمارے خلاف لاکھ بار کھو یہاں کچھ نہیں ہوتا ہے یہ پاکستان ہے یہاں سب چلتا ہے۔

معاشرہ کو کتاب کلچر کی ضرورت۔۔۔۔(آخری قسط)

ابوبکر دانش بلوچ

ہمارے ہاں کتاب پڑھنے کا شوق بہت تیزی سے ختم ہوتا جا رہا ہے بہت سے لائق حضرات انٹرنیٹ کو اسکا قصوروار ٹھہراتے ہیں جبکہ یہ بات کہنا درست نہیں کیونکہ انٹرنیٹ ایک میڈیم ہے، جس نے دنیا بھر کو ایک گلوبل روم کی شکل دی ہے کئی علوم کی برقی کتابیں با آسانی دستیاب ہیں یعنی اس ایجاد نے دنیا بھر میں پہلے علوم تک رسائی آسان بنائی ہر طرح کا مواد تلاش کرنے سے میسر آجاتا ہے اب یہ استعمال کرنے والے پر منحصر ہے کہ وہ اسکا استفادہ کیسے کرتا ہے یہ کہنا غلط نہیں ہوگا کہ ٹیکنالوجی نے زندگی کو سہل بنانے کے ساتھ ساتھ تنہائی کا ساتھی بھی بنا دیا ہے اب ہر قسم کی معلومات نیٹ پر دستیاب ہیں آپ نیٹ پر معلومات کے خزانے سے بہت کچھ حاصل کر سکتے ہیں یہ صرف آپ کو طے کرنا ہوگا کہ وقت کو ضائع کرنا ہے یا مفید کتابوں کا مطالعہ کر کے اپنے علم میں اضافہ کرنا ہے رجحانات تو انسان خود متعین کرتا ہے اچھا تو یہ ہوگا کہ آپ مطالعہ کی عادت کو پروان چڑھائیں تاکہ اپنا قیمتی وقت بیکار کاموں یا شغل میں لگا دیں بات ہے مطالعہ کی تو آپ چاہیں تو اس کے لئے کتابیں خرید لیں یا جس کو نیٹ کی سہولت میسر ہے تو وہ اسکا مثبت استعمال کر کے اپنی کتاب بینی کا شوق یہاں پورا کر لے

عسکریہ پاکستان

عروبہ عدنان

ہماری افواج نے سرحدوں کی حفاظت کے علاوہ ملک میں کسی بھی قسم کی اندرونی ہنگامی صورت حال کو کنٹرول کرنے اور نپٹنے میں بھی اہم کردار ادا کیا ہے۔ اندرونی خلفشار ہو یا زلزلہ، سیلاب ہو یا کوئی اور ناگہانی پاک فوج ہمیشہ ملک وقوم کی خدمت کے لیے پیش پیش رہی ہے۔ بین الاقوامی سطح پہ بھی پاک فوج کی کارکردگی انتہائی متاثر کن رہی ہے۔ جس کی چند مثالیں پیش خدمت ہیں۔

1 پاکستان نے 1967 اور 1973 کی عرب اسرائیل جنگوں میں عربوں کی مدد کی اور نا صرف اسرائیل کی پیش قدمی روکی بلکہ 20 کے قریب اسرائیلی جہاز مار گرائے۔

2 جب اسرائیل نے ترکی کے امدادی جہاز پہ گولہ باری کی تو سب سے پہلے پاکستان کے جنگی بیڑے کا پٹر ترکی کی مدد کو پہنچے اور ترکی کی سرحدوں کی حفاظت کی۔

3 پاکستان نے اسرائیلی حملے کے خلاف مصر کی مدد کی جس کی وجہ سے اسرائیلی افواج وادی سینا کے قریب رک گئی اور وہ مزید آگے نہ بڑھ سکے۔

4 205 نومبر 1979 کو افواج پاکستان نے خانہ کعبہ میں حملے کے جواب میں خانہ کعبہ کے دفاع کا اعزاز حاصل کیا۔۔۔ اور مسلم دشمن عناصر کے برے عزائم کو مٹی میں ملا کر پاکستان کا سر دنیا بھر میں بلند کر دیا۔

5 پاکستان نے 1980 میں روس جیسی سپر پاور طاقت سے ٹکر لی اور افغانستان کی مدد کی اور روس کو شکست دی جس کے نتیجے میں روس کے ٹکڑے ہو گئے۔

6 پاکستان نے 1992 اور 1993 میں یورپ کے خلاف اس وقت بوسنیا کی مدد کی جب تمام مسلم ممالک نے چپ کا روزہ رکھا ہوا تھا۔ پاکستان نے بوسنیا کی نا صرف سفارتی سطح پہ مدد کی بلکہ پاک فوج عملاً بوسنیا لڑنے بھی گئی۔

7 پاکستان نے 1991 میں کویت کی عراق کے خلاف مدد کی۔

8 پاکستان نے آرمینیا کے خلاف مظلوم آذربائی جان کی مدد کی۔ پاکستان دنیا کا واحد ملک ہے جس نے اب تک آرمینیا کو تسلیم نہیں کیا۔

9 پاکستان نے ایران عراق جنگ رکوانے میں اہم کردار ادا کیا۔

10 پاکستان نے ایران میں دہشت گردی کرنے والی تنظیم "جندالله" کے سربراہ کو گرفتار کرنے میں ایران کی مدد کی۔

11 پاک آرمی نے 1965 کی جنگ میں اپنے سے پانچ گنا بڑے بھارت کو شکست دی۔

پاک فوج نے مجاہدین کے ساتھ مل کر ایک تہائی کشمیر آزاد کرا لیا۔

12 کارگل کی جنگ میں پاک فوج نے چند ہزار فوجیوں کی مدد سے انڈیا کی سپلائی روک کر 7 لاکھ انڈین فورس کو محصور کر دیا جو کہ ایک ورلڈ ریکارڈ ہے یہی نہیں بلکہ کارگل کی جنگ میں انڈیا کے 700 فوجی اور تین جنگی جہاز مار گرائے نیز کئی کلومیٹر تک انڈین علاقوں پہ بھی قبضہ کر لیا۔

13 پاک فوج نے 1991 میں کویت کی عراق کے خلاف مدد کی۔

14 لبریشن ٹائگرز نامی تنظیم سے سری لنکا کی جان پاک فوج نے چھڑوائی اور اس دہشت گرد تنظیم کو ختم کیا۔

199315 میں زمبابوے جب تنہا رہ گیا تھا تو پاکستان نے پاک آرمی کے ذریعے زمبابوے کی مدد کی۔

199316 میں جب امریکی فوج کی ایک بڑی تعداد صومالی جنگجوؤں کے گھیرے میں آگئی تو وہ امن کمیشن میں موجود پاک فوجیوں کے ایک مختصر سے دستے نے امریکی فوجیوں کو چھڑوایا۔

17 پاکستان کی پاک فوج اقوام متحدہ کے لیے دنیا بھر میں امن فوج بھیجنے میں تیسرے نمبر پہ ہے۔

18 اسرائیل کی دوڑ میں امریکہ، چین کے بعد پاکستان تیسرا ملک ہے جس کا سربراہ بھی پاک فوج کے سربراہ۔

افواج پاکستان۔۔۔ زندہ باد
پاکستان۔۔۔ پائندہ باد

لاوارث بلوچستان

نعیم بلوچ

naeembaloch611@gmail.com

موجودہ اور سابقہ حکومتوں کے کھوکھلے دعووں کے پول کھول گئے بارش کیا ہوئی عربوں اور کروڑوں روپے مالیت سے بنے روڈ سیلابی ریلے میں بہہ گئے ہر طرف غریبوں کی بستیاں ڈوب رہے ہیں غریب رو رہا ہے سیکڑوں لوگ بے گھر ہوئے خدا سے مدد مانگی جا رہی ہے زمینی خداؤں نے تو صرف قبضہ جما رکھا ہے۔

ڈوبے ہوئے بستیوں میں سوائے فوٹو سیشنز کے کچھ نہیں ہوا۔ فلاں خان نے فلاں جگہ کا دورہ کیا اور فوٹو نکال کر رفو چکر ہو گیا۔ ہر جانب افراتفری کا عالم ہے بس اب لوگوں کی امیدیں خدا سے جڑی ہیں

فلاں خان نے اگر کچھ کر کے دکھانا ہوتا تو آس پاس کے گاؤں پسماندگی کا شکار نہیں ہوتے جھونپڑیوں میں زندگی بسر نہ کرتے۔ ابھی پہلے کی پسماندگی کا ذمہ دار فلاں خان وہاں کے کرپٹ میر و سردار منتخب نمائندے ہیں اور ابھی دربدری سے بھی آج وہی نام نہاد لوگ امدادی سامان سے اپنی جیبیں بھریں گے۔

غریب مزید پستا جا رہا ہے اور بااثر لوگوں کو مزید ترقی نصیب ہوگی، بلوچستان بھر کے علاقے جہاں لوگ بے گھر ہوئے۔ وہ بچے و بکری کے گھر بھی اگلے لئے تاج محل تھے لیکن یہ بھی قابل غور بات ہے کہ ہماری پسماندگی کا سبب غلام ابن غلام بھی ہے ہم نے اپنے حقوق پر ڈاکہ ڈالنے والوں کے خلاف بجائے بغاوت کے جی حضوری کو ترجیح دی۔

آج اگر یوان بلوچستان کے برسوں پرانے کاغذوں کے بنے روڈ دیکھا جائے تو وہ اتنا نوٹ پھوٹ کا شکار نہیں۔ جتنا ہمارے مسلمان جانی صاحب کے لنگیوں پہ بنے پل دو ٹوٹے ہیں۔ اے ہے جس غلام ٹھکرا دیں غریب کی آہ ساتویں آسمان تک پہنچتی ہے اور ایک دن وہی تمہارے لیے بربادی کا سبب بنے گی۔

ہائے میرا کشمیر

ممتاز ملک۔ پیرس

تاریخ گواہ ہے کہ برصغیر کی تقسیم اسی فارمولے پر ہوئی تھی کہ جن علاقوں میں ہندو اکثریت ہے وہ بھارت میں شامل ہونگے اور مسلم اکثریت کے علاقے پاکستان کا حصہ ہونگے۔ لیکن اس واضح اصول کے باوجود بھارتی لیڈران نے اندرونی سازباز کے ذریعے کئی مسلم علاقوں پر جبری قبضہ کیا یا ان علاقوں کی عوام سے حق رائے دہی (ووٹنگ) کو غصب کرتے ہوئے وہاں کے حکمرانوں سے کوڑیوں کے بھاؤ انسانی زندگیوں اور ان کی سرزمین کا سودا کیا۔ اسی کے تحت حیدرآباد، جونا گڑھ، بہار، یوپی، سی پی، گجرات اور بہت سے علاقے جو قانونی اخلاقی مذہبی ہر لحاظ سے پاکستان کا حصہ تھے، لیکن بھارتی سازباز نے ان علاقوں کو دھمکا کر یا خرید کر یا جبراً اپنے قبضے میں لے لیا اور اس سے بڑی بے ایمانی کشمیر کے حکمران کیساتھ مل کر کشمیریوں کی غیر انسانی خرید و فروخت جیسے شرمناک عمل سے کی گئی۔ کشمیر کا کچھ حصہ ہمارے قبائلی جوانوں کی بہادری سے آزاد کشمیر کے نام سے حاصل کر لیا گیا لیکن فوجی اسباب کی کمی کی وجہ سے وہاں بڑی جنگ کے مساکل نہ ہونے کے سبب باقی موجودہ مقبوضہ جموں و کشمیر پر بھارتی افواج اتار کر اس علاقے پر قبضہ کر لیا گیا۔ جسے 5 اگست 2019ء کو اس کے ساری انسانی حقوق غصب کرتے ہوئے دنیا کی سب سے بڑی جیل بنا دیا گیا۔ کشمیر کا مسئلہ دنیا بھر کے لیے تباہی کی ایک گھنٹی ہے جو موقع موقع پر بجائی تو جاتی ہے لیکن اس کے بعد پھر سے ایک معنی خیز خاموشی چھا جاتی ہے۔ آخر کیا وجہ ہے کہ ستر سال سے اپنی جان مال عزتوں کی بے مثال قربانیوں کی تاریخ رقم کرنے والی کشمیری قوم اپنا حق رائے دہی حاصل نہیں کر سکی۔ اس علاقے کی قسمت کا فیصلہ اس کی عوام کے ہاتھوں نہ ہو سکا تو وجہ ہی ہے جو دنیا میں ایسی تحریکوں کی ناکامی میں نظر آتی ہے یعنی ان کے رہنماؤں میں شامل دو کالی بھیڑیں جو آئے دن اپنے ضمیر کا سودا کر کے خود تو عیاشی کرتے ہیں لیکن آزادی کی تحریکوں میں کیڑے کی طرح لگ جاتے ہیں۔ روز ایک نیا شوشہ چھوڑتے ہیں اور جنتی رائے عامہ کو سبوتاژ کر دیتے ہیں۔ اپنے سینے پر پاکستان کا پرچم لپیٹ کر آسودہ خاک ہو جاتے ہیں اور یہ بے ضمیر کالی بھیڑیں انجانوں کا خون نالیوں میں بہا دیتے ہیں۔ عزتوں کے لٹیروں کے ہاتھ مضبوط کر دیتے ہیں۔ کشمیر میں بھی پاکستان یا بھارت کیساتھ الحاق کے بنیادی اصول کیخلاف ایسے ہی رہنماؤں کی زہر فشانیاں عالمی تناظر میں اس کیس کو نہ مضبوط ہونے دیتی ہیں اور نہ ہی سنجیدگی اختیار کرنے دیتی ہیں۔ اسی لیے یہ مسئلہ تصفیہ طلب ہی رکھا جا رہا ہے۔ اس کے قصوروار اسی سرزمین سے تعلق کی دعوے داری کرنے والے یہی شرپسند نام نہاد رہنما ہیں۔ جو خود تو کشمیر سے باہر رہ کر دنیا بھر کی نعمتوں سے مستفید ہوتے ہیں لیکن سال میں دو چار بار اس کی پستی ہوئی کشمیری عوام کی تحریکوں کی جڑوں میں زہر ڈالنے کے لیے منظر پر آموجود ہوتے ہیں۔ جبکہ نہ تو کشمیر کے لیے ہونے والے کسی مظاہرے میں ان کی اولادیں شامل ہوتی ہیں اور نہ ہی۔ ان کے گھروں کی خواتین۔ ان کے لیے کشمیری مظاہرے کا دن گھروں میں دعوتوں اور پکنک کا دن ہوتا ہے۔ ایسے مواقع پر مظاہروں میں اگر پاکستانی خواتین کسی کی جانب سے مدعو کرنے یا درخواست کرنے پر آ بھی جائیں تو ان جلسوں میں شامل بیہودہ چہرے چھانٹ نوجوان ان پر اشارے بازیاں کرتے ہیں۔ ان کی کردار کشی کی جاتی ہیں اور جانے کیا کیا زہر اگلا جاتا ہے۔ کیونکہ خود کے ساتھ انکے اپنے گھر کی خواتین موجود نہیں ہوتیں اور وہ دوسروں کی خواتین ان کے لیے تماشے کا سامان ہوتی ہیں۔ انکے یہاں آنے کا مقصد انہیں دکھائی نہیں دیتا جس کے سبب ان کی زیادہ عزت کی جائے کہ وہ اپنے تمام ضروری کام چھوڑ کر اپنے بچوں کو اس مقصد کے لیے تحریک دلا کر یہاں تک ساتھ لیکر آئی ہیں۔ لیکن یاد رکھیے دنیا کی ایسی کوئی تحریک کبھی نہ تو کامیاب ہوئی ہے نہ ہی ہو سکتی ہے جس میں اس کے اپنے رہنماؤں کی گھر کی عورتیں ان کے ساتھ نہ کھڑی ہوں۔ اپنے گھر کی خواتین کو اپنی ہی تحریک سے الگ کر دینے کا مطلب ہے کہ آپ نے اپنی ہی تحریک کا آدھا میدان مفلوج کر لیا۔ اب آپ کھسک سکتے ہیں کامیاب کبھی نہیں ہو سکتے۔

کشمیر کے لیے ایک شرپسندانہ نعرہ جسے ہوا دی جا رہی ہے وہ ہے خودمختار کشمیر۔ جبکہ کشمیر کا محل وقوع، آبادی، اور دیگر عوامل اس بات کو واضح کرتے ہیں کہ خودمختار کشمیر علاقے کا ایک بہت بڑا فتنہ بن جائے گا۔ اسکی حیثیت محض ایک بلیک میلنگ پوائنٹ سے زیادہ ہرگز نہیں ہوگی۔ بڑی طاقتیں اسے اپنے اڈے کے طور استعمال کرتے ہوئے دنیا کے لیے ایک بڑا فتنہ بنا دینگی۔ خود کشمیریوں کا وجود اور نسل خطرے میں پڑ جائے گی۔ انکی آمدنی کو محض سیاحت اور قالین بافی سے منسلک کرنا ایسا ہی ہے جیسے کسی مریض کو علاج کے بجائے خود ساختہ طور پر آکسیجن کے سلنڈر پر تمام عمر گزارنے کا مشورہ دیدیا جائے۔ ایسے مشیران اور رہنما ہی کشمیریوں کے سب سے بڑے دشمن ہیں۔ کشمیریوں کو حق رائے دہی ضرور ملنا چاہیے اسی طرح جس طرح تقسیم ہند کے وقت ریاستوں کے لیے اصول وضع کیا گیا تھا۔ جس کی رو سے وہ تمام علاقے جو مسلم اکثریتی ہیں، پاکستان کا حصہ ہونگے جبکہ تمام ہندو اکثریتی علاقے بھارت کا حصہ ہونگے۔ اسی اصول کے تحت کشمیر کو پاکستان کا لازمی حصہ سمجھتے ہوئے پاکستان 73 سال سے بھارت جیسے مکار دشمن کیساتھ حالت جنگ میں ہے۔ کشمیری دوست کے ذریعے پاکستان یا بھارت میں سے جس بھی ملک کیساتھ شامل ہونا چاہیں ہو سکتے ہیں لیکن 5 اگست 2019ء کی بھارتی جارحیت اور سازش کے بعد وہاں جس طرح سے مسلم کشی کی جا رہی ہے، وہاں کی زمینوں کو غیر کشمیریوں کی ملکیت بنایا جا رہا ہے اور غیر کشمیریوں کو وہاں جبراً آباد کیا جا رہا ہے۔ اس کے بعد اب اس حق رائے دہی کے لیے مذید مضبوط مقدمے کی ضرورت ہے جس میں 5 اگست 2019ء سے پہلے سے یہاں آباد کشمیریوں کو ہی اس علاقے کے فیصلے کی لیے ووٹ کا حق دیا جائے اور انہیں کا فیصلہ آخری ہونا چاہیے۔ مصنوعی کشمیریوں کو کسی طور وہ قبول نہیں کیا جا سکتا۔

☆☆☆☆☆

اس اخبار میں شائع ہونے والے تمام مضامین قلم کاروں کی اپنی نکتہ نظر ہیں۔ ادارے کا اس سے متفق ہونا لازمی نہیں۔ (ادارہ)

مریم نواز نے خاموشی توڑ دی۔ خبر

سپریم کورٹ کے بعد مسلم لیگ کا نیب پر حملہ

کائنات ملک

مریم صفدر شرپسندی کی مہم پر نکلی اور اس میں کامیاب رہیں۔ ان کا

شال بقیہ 1

کا اظہار انہوں نے ہرنائی کے مختصر دورہ کرنے کے دوران ایف سی پبلک سکول میں منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا وزیر اعلیٰ بلوچستان کا ہرنائی آمد پر پی اے پی کے خاتون رکن صوبائی اسمبلی محترمہ سیلی ترین، ڈپٹی کمشنر ہرنائی عظیم جان دمڑ، بی اے پی کے مرکزی رہنما ملک صبراللہ خان ترین، بی اے پی ضلع ہرنائی کے فوکل پرسن عبدالناصر ترین ایڈووکیٹ، جنرل سیکرٹری شیر باز خان ترین، بی اے پی کے ضلعی آرگنائزر سیکرٹری حاجی معتبر خان ترین، ایس پی ہرنائی محمد حسن کاکڑ نے انکا استقبال کیا صوبائی وزراء حاجی نور محمد خان دمڑ ✕ سردار یار محمد رند ✕ ضیاء لانگو ✕ سلیم کھوسہ ✕ محمد خان لہڑی اور ڈی جی پی ڈی ایم اے عمران زرکون وزیر اعلیٰ بلوچستان کے ہمراہ تھے وزیر اعلیٰ بلوچستان صوبائی وزراء کے ہمراہ ہیلی کاپٹر کے ذریعہ ہرنائی پہنچے ڈپٹی کمشنر ہرنائی عظیم جان دمڑ، ایسیسین ایریکشن نے وزیر اعلیٰ کو بارشوں اور سیلاب سے ضلع ہرنائی میں ہونے والے نقصانات پر تفصیلی بریفنگ دی جبکہ بی اے پی کے فوکل پرسن ضلع ہرنائی عبدالناصر ترین ایڈووکیٹ نے سپاسنامہ پیش کیا وزیر اعلیٰ بلوچستان نے اپنے مختصر خطاب میں کہا کہ صوبے کے مختلف اضلاع میں حالیہ بارشوں اور سیلاب نے بڑے پیمانے پر عوام اور سرکار کو نقصان پہنچایا ہے حکومت بلوچستان، پاک فوج اور ایف سی و دیگر فورسز کی جانب سے متاثرہ علاقوں میں ہنگامی بنیادوں عوامی ریلیف کی فراہمی کیلئے اقدامات کر رہے ہیں۔

شال بقیہ 2

رہے کہ صوبے میں کورونا وائرس کے پھیلاؤ کے پیش نظر 19 جون کو سرکاری ہسپتالوں کی او پی ڈیز کو بند کیا گیا تھا۔ دریں اثناء پارلیمانی سیکرٹری صحت ڈاکٹر رباب خان بلیدی نے کہا ہے بلوچستان کے تمام سرکاری اسپتالوں میں او پی ڈیز کھولنے کا حتمی فیصلہ کرلیا گیا ہے اور صوبے بھر میں رواں ماہ 15 اگست سے تمام او پی ڈی فعال کردی جائیں گی، ان خیالات کا اظہار انہوں نکھہ جاتی جائزہ اجلاس میں کیا پارلیمانی سیکرٹری صحت ڈاکٹر رباب خان بلیدی نے کہا کہ بلوچستان میں دیگر صوبوں کی نسبت علاج معالجے کی قابل بھروسہ سہولیات نجی سطح پر بآسانی دستیاب نہیں لوگوں کی ایک بڑی تعداد کا انحصار سرکاری شعبے پر ہے اس لئے این سی او سی فورم اور صوبائی سطح پر مشاورت کے بعد صوبائی دارالحکومت کوئٹہ سمیت ڈویژنل اور ضلعی ہیڈ کوارٹرز میں تمام او پی ڈیز 15 اگست سے ایس او پی کے تحت کھولنے کا فیصلہ کیا گیا ہے تاہم اس میں مروجہ ایس او پیز پر سختی سے عمل درآمد کو یقینی بنایا جائے گا۔

شال بقیہ 3

تباہ جبکہ 46 مکانات کو جزوی نقصان پہنچا ہے مختلف علاقوں میں 8 قومی شاہراہیں اور 2 پل سیلابی پانی میں بہہ گئے بلکہ تین ڈیمز بھی بارشوں سے متاثر ہوئے ہیں۔ پی ڈی ایم اے ذرائع کے مطابق بلوچستان میں بارشوں سے مزید تین افراد جاں بحق ہوگئے ہیں اب تک خواتین اور بچوں سمیت 13 افراد جاں بحق ہوگئے ہیں۔ اس کے علاوہ مختلف حادثات کے دوران 7 افراد زخمی ہوئے ہیں، بارشوں سے ژیرہ گچی، خضدار، کوہلو، جعفر آباد، بیچ، چاغی اور بارکھان میں اموات ہوئی ہیں۔ صوبے میں حالیہ بارشوں کے دوران 8 قومی شاہراہیں اور 2 پل سیلابی پانی میں بہہ گئے بلکہ تین ڈیمز بھی بارشوں سے متاثر ہوئے ہیں، صوبائی ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی (PDMA) کے مطابق مون سون بارشوں سے صوبے کے مختلف اضلاع جھل مگسی، جعفر آباد، خضدار، ہرنائی اور دیگر اضلاع میں 861 مکانات تباہ جبکہ 46 مکانات کو جزوی طور پر نقصان پہنچا ہے۔ حالیہ بارشوں سے 861 مکانات جن میں سب سے زیادہ جعفر آباد میں 700 جبکہ جھل مگسی میں 136 مکانات مکمل تباہ ہوئے ہیں اس کے علاوہ 46 مکانات کو جزوی طور پر نقصان پہنچا ہے، پی ڈی ایم اے کے اعداد و شمار کے مطابق بارش نے بلوچستان میں 3 ڈیموں، 2 پلوں اور 8 مواصلاتی سڑکوں کو نقصان پہنچایا ہے۔ حالیہ دنوں میں موسلا دھار بارش نے بلوچستان کے 25 اضلاع کو متاثر کیا تاہم صوبے میں مون سون بارشوں کے تسلسل کے باعث صوبائی حکومت نے 12 اضلاع کو حساس قرار دے دیا تھا۔

شال بقیہ 4

حکومت اپنی جیب سے دے گی، ایف بی آر کے فاسٹر نظام کو انسانی مداخلت سے آزاد کردیا ہے ادارہ جاتی اصلاحات کا عمل جاری ہے۔ ایک انٹرویو میں مشیر خزانہ نے کہا کہ مالی سال کے پہلے ماہ میں بالخصوص اندرونی اقتصادی اور برآمدات سے متعلق سرگرمیوں میں ایک اچھے انداز سے اضافہ ہوا ہے، مالی سال کے پہلے ماہ میں دو ارب ڈالر کی برآمدات ہوئیں جو گزشتہ مالی سال کے اسی عرصہ کے مقابلے میں 6 فیصد زیادہ ہے، برآمدات کو بڑھانا ہماری خاص پالیسی ہے کیونکہ اگر ہم زرمبادلہ کمانے میں کامیاب نہیں ہوں گے تو اس سے ہماری معیشت کئی انداز میں متاثر نہیں ہوسکتی، اس کے ساتھ ساتھ سمندر پار مقیم پاکستانیوں کی جانب سے ترسیلات میں ایک اچھے انداز میں اضافہ ہوا ہے، سیمنٹ کی پیداوار اور فروخت میں 33 فیصد اضافہ ہوا ہے اور جولائی میں 4 ملین ٹن سیمنٹ فروخت ہوا ہے، پٹرول کی قیمت میں 8 فیصد اور ڈیزل کی قیمت میں 15 فیصد اضافہ ہوا ہے، کھادوں کی فروخت میں 22 فیصد اضافہ ہوا ہے، ان اشاریوں سے واضح ہو رہا ہے۔

شال بقیہ 5

جاپان فرینڈشپ گروپ قائم کیا گیا ہے جو دونوں پارلیمانوں میں رابطوں کو فروغ دینے میں فعال کردار ادا کر رہا ہے۔ ڈپٹی اسپیکر نے دونوں دوست ممالک میں بالخصوص اقتصادی تعاون کی ضرورت پر زور دیتے ہوئے کہا کہ پاکستان میں صنعت، زراعت، سیاحت، تعمیرات، توانائی، ماہی پروری، معدنیات اور دیگر اقتصادی شعبوں میں سرمایہ کاری کے وافر مواقع موجود ہیں جن سے جاپانی سرمایہ کار مستفید ہوسکتے ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ موجودہ حکومت پاکستان میں گھروں کی کمی کو پورا کرنے کے لیے ہاؤسنگ کے شعبے میں بڑی مراعات دے رہی ہے اس شعبے میں کام کرنے والی جاپانی کمپنیوں کے لیے پاکستان میں سرمایہ کاری کا بہترین وقت ہے۔ انہوں نے کہا کہ جاپانی قوم ایک محنتی اور جفاکش قوم ہے اور جنگ عظیم دوئم کے بعد جاپانی قوم نے جس ثابت قدمی سے معاشی مشکلات پر قابو پایا وہ دنیا کے لیے ایک مثال ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستانی عوام کو جاپانی مصنوعات پر اعتماد ہے اور پاکستانی سرمایہ کار جاپانی سرمایہ کاروں کے ساتھ مگر جاکٹ وچر کے ذریعے سرمایہ کاری کرنا چاہتے ہیں۔

شال بقیہ 6

10 نکات پیش کئے گئے جن میں 8 پر اتفاق کرلیا گیا ہے تاہم دو نکات پر متاثرین بھی مشاورت کریں گے اور کمیٹی بھی اجلاس کریگی، لیویز میں بھرتی سے متعلق اپنی زبان پر قائم ہے بلکہ کمیٹی کے چیئرمین کی حیثیت سے پی ڈی ایم اے اور این ایل سی میں 600 ملازمتیں ہیں جن پر بھرتیاں کی جائیں گی، انہوں نے کہا کہ بعض چیزیں ہمارے اختیار میں نہیں بارڈر مینجمنٹ و دیگر کا اختیار وفاق کے پاس ہے، اس حوالے سے کمیٹی اپنی سفارشات مرتب کرکے وزیر اعلیٰ کو پیش کریگی اور وزیر اعلیٰ مزید اس پر وزیر اعظم سے رابطہ کریں گے، بارڈر سے متعلق ہمارے پاس اختیار نہیں اور نہ ہی ہم قانون تبدیل کرسکتے ہیں ان مسائل کو وفاقی حکومت کے توسط سے حل کرائیں گے، وفاقی حکومت کے مشاورت سے ہی صوبائی کمیٹی بنائی گئی اور تمام مرتب کردہ رپورٹس وفاقی حکومت کو ارسال کی جاتی ہے بلکہ وفاقی حکومت کی جانب سے ہدایات ہیں کہ صوبائی حکومت کے ساتھ مسئلہ حل کیا جائے۔

شال بقیہ 7

کہ جان لیوا کرونا وائرس پھیلا ہونے والی صورتحال کے تعلیمی اداروں پر بھی منفی اثرات مرتب ہوئے ہیں، بچوں کے تعلیمی نقصان کے ساتھ ساتھ نجی تعلیمی اداروں کے غریب اساتذہ و اکرام اور مالکان بھی کئی مشکلات سے دوچار ہیں۔ گورنر یاسمین زئی نے کہا کہ ان سب کا نہ صرف ہمیں خوب احساس ہے بلکہ موجودہ حکومت صوبے بھر میں بہت جلد تمام تعلیمی سلسلوں کو بھرپور طریقے سے بحال کرانے کیلئے پرعزم بھی ہے۔ وفد نے گورنر بلوچستان عالمی وباء کورونا وائرس سے پہنچنے والے نقصانات سے آگاہ کرتے ہوئے کہا کہ اس وقت پرائیویٹ تعلیمی ادارے کئی مشکلات و مسائل سے دوچار ہیں۔ وفد نے مطالبہ کیا کہ پرائیویٹ تعلیمی اداروں کو مالی معاونت فراہم کیا جائے تاکہ پہنچنے والے نقصانات کا ازالہ ہوسکے، گورنر بلوچستان نے ان کے درپیش مسائل و مشکلات کو غور اور توجہ سے سنا اور ان کے پائیدار حل کے لئے اپنا ہر ممکن تعاون کا یقین دہانی کرائی۔

شال بقیہ 8

علاقوں میں بھرپور امن کے قیام کو ہر صورت یقینی بنایا جائے گا انہوں نے کہا کہ چمن کے پرامن اور محب وطن عوام کے جان و مال اور روزگار کا تحفظ اولین ترجیح ہے صوبائی حکومت نے اس سلسلے میں پارلیمانی کمیٹی تشکیل دی گئی ہے جو کہ چمن عوام کو بارڈر کی بندش کی وجہ سے بیروزگار ہونے والوں کو مالی ریلیف کی فراہمی اور روزگار کی فراہمی کیلئے کام کررہی ہیں انہوں نے کہا کہ حکومت بلوچستان نے دہشت گردی کے مکمل خاتمے کا عزم کر رکھا ہے جس کیلئے صوبائی حکومت سیکورٹی فورسز اور عوام ایک پیج پر ہے صوبائی وزیر حاجی نور محمد خان دمڑ کا شہداء کے لواحقین سے تعزیت اور ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے اللہ تعالیٰ سے دعا کی ہے کہ شہداء کے درجات بلند فرمائے۔

شال بقیہ 9

حکومت چمن کے عوام کو بے یارو مددگار ہرگز نہیں چھوڑی گی عوام کی حفاظت حکومت کی آئینی و قانونی ذمہ داری میں شامل ہے انہوں نے کہا کہ وزیر اعلیٰ نے چمن واقعہ کا فوری نوٹس لے لیا ہے اور ہنگامی بنیادوں پر ضلعی انتظامیہ اور سیکورٹی اداروں کو اصل دہشت گردوں کو بے نقاب کرنے اور انہیں قرار واقعی سزا دلوانے کی ہدایت کردی ہے انہوں نے کہا کہ چمن سرحدی شہر ہے دو ملکوں کے عوام یہاں سے افغانستان اور وہاں سے پاکستان آتے جاتے ہیں اس شہر کی ایک بین الاقوامی حیثیت ہے ہم اس شہر میں لاقانونیت کسی صورت برداشت نہیں کرسکتے شہر میں امن و امان قائم کرنے کیلئے انتظامیہ کو الرٹ کردیا گیا ہے عوام پرامن رہے اور شرپسندوں پر کڑی نظر رکھیں اور انتظامیہ سے تعاون جاری رکھیں ملک اور صوبے کے محب وطن عوام ملک دشمنوں کے ناپاک عزائم کو کسی صورت کامیاب نہیں ہونے دیں گے انہوں نے کہا کہ چند مٹھی بھر دہشت گردوں کو حکومت کی رٹ کو کسی صورت چیلنج نہیں کرنے دیں گے اور نہ ہی انہیں اپنے عزائم کی تکمیل کی اجازت دی جائیگی۔

شال بقیہ 10

ملاقاتیں ترکی کے صدر رجب طیب اردوان کے لاقاتیں ترکی کے صدر رجب طیب اردوان کے لئے نیک تمناؤں کا پیغام دیا۔ شہباز شریف نے کہا کہ ترکی امت اسلامیہ کا اہم ملک اور پاکستان کو بھائیوں کی طرح عزیز ہے، صدر اردوان نے پاکستان اور پنجاب میں ترقی، عوام کی بہتری کے لئے منصوبوں میں قابل قدر تعاون کیا، پاکستان اور ترکی امت کے مفادات، اتحاد اور مضبوطی کے لئے دو اہم شراکت دار ہیں۔ انہوں نے کہا کہ امت مسلمہ کا اتحاد، یکجہتی اور باہمی تعاون وقت کی اہم ضرورت ہے، اسلام اور امت کے دشمن چاہتے ہیں کہ اسلامی دنیا باہمی انتشار اور تنازعات میں الجھ جائے، صدر اردوان نے اپنے اقدامات، اصلاحات اور انتظامات سے ترکی کو نیا چہرہ دیا ہے۔ شہباز ترک سفیر احسان مصطفیٰ یرداکل نے قائد حزب اختلاف شہباز شریف کو صحت یاب ہونے پر مبارک اور نیک تمناؤں کا اظہار کیا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان ترکوں کا دوسرا گھر ہے، پاکستان اور ترکی دو دل ایک دھڑکن کی طرح ہیں۔ ترک سفیر نے وزیر اعلیٰ کے طور پر پنجاب میں تعمیر و ترقی کا سفر تیز کرنے پر شہباز شریف کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ آپ کے دور میں دونوں ممالک کے درمیان ہونے والے باہمی تعاون کو سراہتا ہوں۔

شال بقیہ 11

دیر بالا میں 6 نشوناما مراکز کھولے جائیں گے۔ انہوں نے بتایا کہ وزیر اعظم جلد احساس نشوناما پروگرام کا باقاعدہ اجرا کریں گے، نشوناما مرکز پر خواتین اور ان کے بچوں کو سہولتیں فراہم کی جائیں گی۔ شاہ نشتر نے بتایا کہ نشوناما مرکز پر طبی معائنہ، صحت بخش غذا اور دیگر سہولتیں دی جائیں گی، عوام کو نشوناما وظائف کی باسہولت ترسیل یقینی بنائیں گے۔ معاون خصوصی نے کہا کہ ہر نشوناما مرکز پر اے ٹی ایم بھی نصب کی جارہی ہیں۔

شال بقیہ 12

کے مقام پر تیز رفتاری کے باعث الٹ گئی جسکے نتیجے میں سوزوکی میں سوار ایک چار سالہ بچی پوجا اور خاتون لبرا موقع پر ہی جاں بحق ہوگئیں جبکہ دیگر 14 افراد شدید زخمی ہوگئے جن میں [illegible] ہنو، سیتا، دلیپ، ہلو، چپا، متھن، کرن، کیلا، آرتی شدید زخمی ہوگئے زخمی اور جاں بحق ہونے والوں کا تعلق سندھ سے بتایا جاتا ہے اور وہ ایک ہی خاندان کے افراد تھے جبکہ ہندو (بھیل) مذہب سے ایک تعلق تھا جو سندھ سے بلوچستان کے علاقے بیلہ جارہے تھے کہ دینی مسجد کے قریب حادثہ پیش آگیا۔

شال بقیہ 13

پبلشرز کا کلیدی کردار ہے، مرحوم منصور بخاری کی نصف صدی سے زائد عرصہ میں بک انڈسٹری کی ترقی، کتب بینی کے فروغ، انگلش میں لکھی گئیں مختلف کتابوں کے ترجمے اور کامیاب کتاب میلوں کے انعقاد کے حوالے سے شاندار خدمات ہیں جن کی بدولت ملکی سطح پر صوبہ بلوچستان کا مثبت تاثر قائم ہوا اس کے علاوہ مرحوم کی صوبے میں آباد مختلف اقوام کی مادری زبانوں کی ترقی و ترویج کیلئے سرانجام دینے والی خدمات اور کاوشیں بھی لائق تحسین ہیں۔ گورنر یاسمین زئی نے مرحوم کی مغفرت کیلئے دعا کی اور انکے لواحقین سے ہمدردی اور یکجہتی کا اظہار کیا۔

شال بقیہ 14

لوڈشیڈنگ، کرنٹ لگنے سے لوگوں کی اموات سمیت دیگر اہم معاملات پر سماعت کی، جہاں چیئرمین پیپرا اور کے الیکٹرک کے سی ای او موسٹس علوی سمیت دیگر حکام پیش ہوئے۔ سماعت کے آغاز میں ہی کراچی میں لوڈشیڈنگ اور بجلی کے مسائل سے متعلق چیف جسٹس نے ریمارکس دیے کہ کے الیکٹرک کو مشکلات ختم کرنے کے لیے بلایا تھا لیکن کے الیکٹرک نے مشکلات میں 100 فیصد اضافہ کیا۔ انہوں نے کہا کہ یہ سب سے سستا اور ناقص میٹریل استعمال کر رہے ہیں جبکہ سارا منافع باہر لے کر جارہے ہیں، اسٹیٹ بینک کو کہیں کے کہ ان کو منافع باہر لیکر جانے نہ دیں۔

شال بقیہ 15

حقوق اور ان کو تحفظ دینا ہماری آئینی اور اخلاقی ذمہ داری ہے۔ شیری رحمان نے کہا کہ ہم تمام اقلیتوں کو پاکستان کے وفادار شہری سمجھتے ہیں، قائد اعظم نے اپنی 11 اگست کی تقریر میں اقلیتوں کے حقوق، مکمل آزادی اور ان مساوات کی بات کی۔ شیری رحمان نے کہا کہ پیپلز پارٹی نے ہمیشہ مذہبی اقلیتوں کے حقوق کو یقینی بنایا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پیپلز پارٹی نے 1970 کے منشور میں اقلیتوں کی برابری اور بااختیار بنانے کا وعدہ کیا، 1973 کا آئین اقلیتوں کو برابر کا شہری تصور کرتا ہے۔ شیری رحمان نے کہا کہ شہید بھٹو نے 1973 کے آئین میں اقلیتوں کے لئے اداروں میں کوٹہ مختص کیا گیا، بی بی شہید نے 1988 میں اقلیت ہمارا اعتماد کا نعرہ لگایا۔ انہوں نے کہا کہ صدر زرداری نے 11 آگست کو اقلیتوں کا دن مقرر کیا، اس دن منانے کا مقصد قائد اعظم کی آئین ساز اسمبلی سے کی جانے والی تاریخی تقریر اور پیغام کو اجاگر کرنا ہے۔ شیری رحمان نے کہا کہ پیپلز پارٹی نے ہی 2010 میں محکمہ اقلیتی امور قائم کیا، اب چیئرمین بلاول زرداری پاکستان کی اقلیتوں کے حقوق کے محافظ ہیں۔ شیری رحمان نے کہا کہ پیپلز پارٹی کی نوجوان قیادت اقلیتوں کی سفیر ہے، پیپلز پارٹی کا یقین ہے کہ اقلیتی حقوق انسانی حقوق ہیں۔ شیری رحمان نے کہا کہ ہم اقلیتوں کی مذہبی و شخصی آزادی اور یکساں حقوق کے لئے جدوجہد کرتے رہیں گے۔

شال بقیہ 16

او ایس وی پیج کو زیادہ سے زیادہ مدد فراہم کرنی چاہیے اور اسے عطیات دینے کیلئے لوگوں کو تحریک دینی چاہیے۔ صوبائی مشیر وچیئرپرسن کیو ڈی اے بشریٰ رند نے کہا کہ بچوں کو زیادہ سے زیادہ سہولتیں اور تعلیم فراہم کرنے اور انہیں قوم کا فعال حصہ بنانے کیلئے ایس او ایس کی طرز پر مزید تنظیموں کے قیام کی ضرورت ہے۔ بشریٰ رند نے فیصلی قلب پاکستان کے رگناز میں تعریفی سند بھی تقسیم کی اس کے علاوہ صوبائی مشیر نے ایس او ایس وی پیج کے ڈائریکٹر محمد اور تجزیب کو وزیر اعلیٰ بلوچستان جام کمال خان کی طرف سے بچوں کیلئے عیدی کا چیک بھی دیا۔

شال بقیہ 17

ہوگئے، اس حوالے سے ہم نے صوبوں کو لکھا ہے لیکن ان کی جانب سے رپلائی نہیں آیا، موجودہ حکومت کسانوں کے ساتھ کھڑی ہے۔ پارلیمانی سیکرٹری قومی تحفظ خوراک امیر سلطان نے کہا کہ زراعت اس حکومت کی ترجیحات میں شامل ہیں، پچاس ارب سبسڈی کے لئے رکھے گئے فرٹیلائزر کی مد میں سبسڈی فراہم کی جائے گی، ڈی اے پی کی نو سو پچیس روپے فی بیگ سبسڈی رکھی گئی ہے، صوبوں کو بتا دیا ہے سندھ نے ابھی تک اپنا طریقہ کار نہیں بتایا، صوبوں نے ٹریف کے لیے سبسڈی دینے سے معذرت کر لی ہے فرٹیلائزر کمپنیوں اور امپورٹرز سے بھی بات ہوئی ہے، چار سو اسی ملین کمپنیوں اور امپورٹرز کے ابھی بقایا ہے۔ انہوں نے کہا کہ صوبوں کی یوریا فارم پالیسی ابھی نہیں آئی، صوبوں نے اپنی اپنی پالیسی کے بارے میں آگاہ کیا ہے، سکریچ کارڈ کے ذریعے پنجاب میں لوگوں کو پیسے نہیں مل سکے، اس بار وفاقی حکومت سکریچ کارڈ کے لیے پیسے دے گی، ٹوکن سسٹم میں کوئی تکنیکی غلطی نہیں تھی، ٹوکن سسٹم پر اتفاق رائے کی جانب بڑھ رہے ہیں، گزشتہ سال اسکریچ کارڈ میں پیسہ نہ ہونے پر کسانوں کو مشکل پیش آئی، اسکریچ کارڈ میں اس بار کسان کو کوئی دقت نہیں ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ سبسڈی کسان کا حق ہے اسے ملنی نظر بھی آنی چاہئے، صوبائی حکومتوں پر زراعت سے وابستہ لوگوں کا اعتماد نہیں بڑھ رہا۔ انہوں نے کہا کہ کھاد کی بوری سے نکلنے والے اسکریچ کارڈ کے ذریعے سبسڈی دی جاتی تھی، پنجاب حکومت نے سبسڈی کے اکاؤنٹ میں رقم ہی جمع نہیں کرائی، امیر سلطان نے کہا کہ پنجاب میں مالیاتی خسارے کے باعث رقم جمع نہیں ہوئی، صوبوں نے کہہ دیا ہے کہ وہ ٹریف سیزن کی سبسڈی کسان کو نہیں دیں گے، کھاد کے کارخانوں کے اڑتالیس کروڑ بقیہ جات ہیں، کارخانوں کی جانب سے براہ راست سبسڈی دینے سے انکار کردیا گیا ہے، امیر سلطان نے کہا کہ وفاقی حکومت نے زراعت پر ایک یوریا فارم پالیسی بنائی ہے، پچاس ارب سبسڈی کے لئے رکھے گئے۔

شال بقیہ 18

عوام کا دیرینہ مسئلہ تھا جو کہ چیئرمین صاحب نے حل کر کے عوام کے دل جیت لیا ہے ہم ان کے مشکور ہے۔ ایم پی اے واشک میر حاجی زاہد علی ریکی نے چیئرمین سینیٹ صادق سنجرانی کا دعوت دیا جو کہ چیئرمین سینیٹ صادق سنجرانی نے قبول کرتے ہوئے کہا کہ انشاء اللہ اکتوبر کے مہینے میں ماشکیل میں آکر ٹوکنڈی ماشکیل روڈ کا باقاعدہ افتتاح کروں گا۔ ایم پی اے واشک میر حاجی زاہد علی ریکی نے کہا کہ روڈ بننے سے علاقے کے دیرینہ مسائل حل اور ان کے مشکلات دور ہوگئے۔

شال بقیہ 19

سکورٹی فورسز کے گشتی گاڑی کے قریب ہوا جو کہ ریموٹ کنٹرول ڈیوائس کے ذریعے کیا گیا تھا جبکہ دھماکے کے بعد فائرنگ کا تبادلہ بھی ہوا دھماکوں کے بعد فورسز کی بھاری نفری اور سیکورٹی حکام موقع پر پہنچ گئے اور علاقے کو گھیرے میں لے لیا جبکہ ملزمان کی تلاش کے لئے سرچ آپریشن شروع کردیا گیا۔

شال بقیہ 20

محفوظ مقامات پر پہنچادیں اور پیس کمیٹی کی سپلائی، قومی شاہراہوں کی بحالی کو اولیت دی جائے۔ انہوں نے کہا کہ خوردنی اشیاء، پھل و سبزیاں اور دالیں، چینی، دودھ سمیت دیگر اشیاء خرید نے کیلئے عوام کی قوت خرید نے جواب دے دیا ہے روزگاری، کرونا معاشی صورتحال اور مہنگائی نے عوام کا قوت خرید ختم کردیا حکومت کا چیک اینڈ بیلنس نہیں خود ساختہ مہنگائی کی دوڑ میں سب شامل ہیں پرائس کمیٹی کا وجود ختم، انتظامیہ غافل ہیں ہوشربا مہنگائی نے متوسط و غریب طبقے کو بہت زیادہ پریشان کردیا ہے سرکاری ریٹ کا نہ کسی کو پتہ اور نہ اس کی کوئی پابندی کرتے ہیں بدترین مہنگائی نے غریب عوام کی کمر توڑ دی ہے حکومت غریب و متوسط طبقے کو فی الفور ریلیف دیں قیمتوں میں کمی کردیں یوٹیلٹی اسٹور پر بھی اشیاء مہنگی کردی گئی ہے جس کی وجہ سے یوٹیلٹی اسٹور کا سیل ختم ہوگیا ہے عوام یوٹیلٹی اسٹور اشیاء مہنگی ہونے کی وجہ سے ان اسٹور کا رخ نہیں کرتے۔ حکومت یوٹیلٹی اسٹور پر چینی، آٹا، دالوں اور دیگر ضروری اشیاء پر غریب عوام کو ریلیف دیں قیمتوں میں خصوصی کمی کرتے ہوئے یوٹیلٹی اسٹور کو فعال کردیں تاکہ غریب عوام کی پریشانیوں میں کچھ کمی آسکیں۔ جماعت اسلامی حکومتی غفلت و کوتاہی کے خلاف ہر محاذ پر جدوجہد کریگی۔ موجودہ حکومت قرضوں، بے عمل اعلانات اور وعدوں پر چل رہی ہے کسی کرپٹ کو سزا ملی اور نہ کسی بڑے بدعنوان چور سے قومی دولت برآمد ہوئی ہے جو موجودہ حکومت کی ناکامی ہے اشیاء ضروریہ کی قیمتوں میں سو فیصد اضافہ بھی موجودہ حکومت کی ناکامی ہے۔

شال بقیہ 21

کیا گیا، بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ کے چیف ایگزیکٹو فرمان زرکون نے شرکاء کو بریفنگ دیتے ہوئے کہا کہ بلوچستان مواقع کی سرزمین ہے، یہاں سعودی کمپنیوں کی جانب سے ماضی میں بھی کامیاب سرمایہ کاری کی جاچکی ہے خصوصاً توانائی اور تیل و گیس کے شعبے میں بڑے پیمانے پر سعودی کمپنیوں نے سرمایہ کاری کی ہے اسکے علاوہ لائیو اسٹاک، زراعت اور سیاحت کے شعبوں میں سرمایہ کاری کے بے شمار مواقع موجود ہیں سعودی سمیت دنیا بھر کی کمپنیاں یہاں منافع بخش سرمایہ کاری کرسکتی ہیں، اسکے علاوہ گوادر فری ٹریڈ زون اور حب اور یوسٹان کے خصوصی اقتصادی زونز میں بھی سرمایہ کاروں کیلئے بے شمار مراعات اور سہولیات دی گئی ہیں، انہوں نے کہا کہ حکومت بلوچستان صوبے میں سرمایہ کاروں اور بزنس کمیونٹی کو ہر ممکن تعاون اور سہولیات کی فراہمی کیلئے پرعزم ہے، اس موقع پر اوورسیز سرمایہ کاروں نے بلوچستان میں سرمایہ کاری کے مواقع میں گہری دلچسپی ظاہر کی۔

شال بقیہ 22

خان محمد نجاری خالق آبادی، محمد دین زہرانی لانگو و دیگر نے مختلف علاقوں کے دورے کے بعد میڈیا کے نمائندوں سے بات چیت کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ حالیہ بارشوں سے پورے صوبے میں نقصانات ہوئے ہیں صوبائی حکومت ہر جگہ پر امدادی اقدامات میں مصروف عمل ہیں بولان نصیر آباد، سبی، ہرنائی، و دیگر علاقوں میں بھی شدید تباہی ہوئی اس کے ساتھ ساتھ ضلع قلات میں بھی بڑے پیمانے پر نقصانات ہوئے ہیں کھڑی فصلات باغات مکانات کے ساتھ ساتھ لاکھوں روپے کے ٹیوب ویل ختم ہوگئے ہیں جس سے زمینداروں کو شدید نقصانات ہوئے ہیں ہم نے مختلف علاقوں کا دورہ کیا ہے ڈپٹی کمشنر قلات عزت نذیر بلوچ بھی نقصانات کا ازخود جائزہ لے رہے ہیں خالق آباد منگچر جوہان، گزگ بجی، سنجدی، کوہک، گرانی، گزگ، تھمر، چھاتی، دشت گوران سمیت متعدد دیہات میں زیر آب آگئے ہیں حالیہ بارشوں سے بڑے پیمانے پر نقصانات ہوئے ہیں کھڑی فصلات، زرعی اراضیات، زرعی بندات اور ٹیوب ویلوں کو شدید نقصان پہنچا ہے صوبائی حکومت اور وزیر اعلیٰ بلوچستان جام کمال اور وزیر داخلہ بلوچستان میر ضیاء اللہ لانگو بلوچستان سمیت قلات کے عوام کو تنہا نہیں چھوڑیں گے نقصانات کا ازالہ کرنے کے لیے باقاعدہ سروے کیا جائے گا اور ہر ممکن وسائل بروئے کار لاتے ہوئے عوام کے امداد کیا جائے گا ہم صوبائی حکومت سے اپیل کرتے ہیں کہ ضلع قلات کو آفت زدہ قرار دے دیا جائے۔

شال بقیہ 23

دفعات کو شامل کیا گیا ہے۔ واضح رہے کہ گزشتہ روز چمن کے علاقے مال روڈ پر نمدا مارکیٹ کے باہر ہونے والے بم دھماکے میں چھ افراد شہید جبکہ 21 زخمی ہوگئے تھے۔

شال بقیہ 24

استطاعت نہ رکھنے کی وجہ سے انتہائی مشکلات سے دوچار ہیں او پی ڈیز اور آپریشن تھیٹرز غیر فعال ہونے کی وجہ سے دور دراز سے آئے مریض روزانہ کی بنیادوں پر مشکلات کا سامنا کررہے ہیں، چیئرمین نے وزیر اعلیٰ بلوچستان اور صوبائی سیکریٹری صحت سے مطالبہ کرتے ہوئے کہا کہ وسیع تر عوامی مفاد اور کورونا وائرس کی وبائی صورتحال کو مدنظر رکھتے ہوئے اور مکمل ایس او پیز پر عملدرآمد یقینی بناتے ہوئے صوبے کے تمام تر سرکاری ہسپتالوں کی او پی ڈیز اور آپریشن تھیٹرز کو فوری طور پر فعال کیا جائیں تاکہ عوامی مشکلات کا ازالہ ممکن ہوسکے۔

شال بقیہ 25

معلوم ہوا ہے کہ انتظامیہ کی جانب سے ابھی کوئی مدد نہیں کی گئی تھی کئی دنوں سے سیلاب میں پھنسے ہوئے تھے کسی نے ابھی ریسکیو نہیں کیا مشکل وہ بھوک اور پیاس برداشت نا کرکے اپنی مدد آپ چارپائی والی تختی بنا کر نکل رہے تھے کہ بیچ پانی میں رسیاں کھل جانے سے دونوں بچیوں کو بچا نا سکے۔

شال بقیہ 26

اپنی تاریخ دہرائی ہے، شہباز شریف کو جنسٹس عبدالقیوم جیسے جج چاہیں جو انکے گھر کی غلامی کر سکیں۔ ڈاکٹر شہباز گل نے کہا کہ گلو بٹوں کے ذریعے سرکاری املاک پر حملے اور تجزیہ کو بلیک میل کرنا مسلم لیگ ن کی روایت رہی ہے۔ معاون خصوصی نے کہا کہ اکرپشن اور چوری کا جواب دینے کے بجائے بدمعاشوں کے ساتھ نیب پر حملہ کیا گیا، مریم صفدر پوری پلاننگ کے تحت نیب میں پیش ہونے آئی، نیب آفس پر چڑھائی کرکے مریم صفدر نے افراتفری پھیلانے کی کوشش کی۔

شال بقیہ 27

کورٹ ڈیرہ بگٹی کو ملازمت سے برخاست کردیا گیا عدالت عالیہ بلوچستان کے چیف جسٹس جمال خان مندوخیل کو ایک شخص بیرمحمد نے درخواست کی تھی کہ کرم اللہ سینوگرافر نے اسے نوکری دلوانے کا جھانسہ دیکر مبلغ 11 لاکھ روپے وصول کیے جبکہ اسے ایک جعلی تعیناتی کا حکم حوالہ کردیا اس درخواست پر فوری طور پر چیف جسٹس نے انکوائری کا حکم دیا انکوائری مکمل ہونے کے بعد جناب ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج ڈیرہ بگٹی نے کرم اللہ سینوگرافر BPS-16 کو حکم کے ذریعے فوری طور پر ملازمت سے برخاست کردیا۔

شال بقیہ 28

سریاب سنگم کے قریب کھر میں کرنٹ لگنے سے احمد نواز نامی بچہ جاں بحق ہوگیا پولیس نے لاش کو تحویل میں لیکر ہسپتال منتقل کیا جہاں ضروری کارروائی کے بعد لاش ورثاء کے حوالے کردی گئی مزید کارروائی جاری ہے۔

شال بقیہ 29

علاقے تھی ژوحک احمد خیل تورو درگہ کبری کھانی میں گرا زمیر خان نامی شخص جاں بحق ہوگیا پولیس نے لاش کو تحویل میں لیکر ہسپتال منتقل کیا جہاں ضروری کارروائی کے بعد لاش ورثاء کے حوالے کردی گئی مزید کارروائی جاری ہے۔

شال بقیہ 30

زخمی ہوگیا، تفصیلات کے مطابق منگل کو مستونگ میں قومی شاہراہ پر پشکرم کے علاقے میں پردل کراس کے قریب نامعلوم موٹر سائیکل سواروں نے راہگیر موٹر سائیکل سواروں پر فائرنگ کردی جس کے نتیجے میں

ترغیبات کے تحت تعمیرات کے شعبہ میں انقلابی ترقی متوقع ہے، جام کمال

ماحولیاتی چیلنجز سے موثر طور پر نمٹنے کے لئے ماحولیات کے شعبہ میں جدید ٹیکنالوجی کے استعمال اور اصلاحات کی ضرورت ہے

تیزی سے رونما ہونے والی موسمیاتی تبدیلیوں سے ماحولیات کو شدید خطرات لاحق ہوئے ہیں، وزیر اعلیٰ بلوچستان

کوئٹہ (این این آئی) وزیر اعلیٰ بلوچستان جام کمال خان نے فنی اور سرکاری شعبوں کے بڑے تعمیراتی منصوبوں میں محکمہ ماحولیات سے این او سی کے حصول کو لازم قرار دینے کے لئے قانون سازی کرنے کی ہدایت کی ہے، اس اقدام کا مقصد ماحولیاتی تحفظ کو یقینی بنانا ہے، جبکہ وزیر اعلیٰ نے محکمہ منصوبہ بندی و ترقیات میں منصوبوں کی منظوری کے ڈی ایس سی اور پی ڈی ڈبلیو پی کے فورمز میں محکمہ ماحولیات کے تکنیکی نمائندہ کو مستقل ممبر کے طور پر مقرر کرنے اور محکمہ ماحولیات کی ٹیکنیکل اور دیگر فنی اسامیوں کو متعلقہ ڈگری اور مہارت کے حامل امیدواروں کے ذریعہ پر کرنے کی ہدایت کی ہے، وزیر اعلیٰ محکمہ ماحولیات و ماحولیاتی تحفظ کے محکمانہ امور کے جائزہ اجلاس کی صدارت بقیہ نمبر 36 صفحہ 3 پر

گورنر بلوچستان امان اللہ خان یسین زئی قومی جھنڈے کو وزیر خوراک ولی ایڈووکیٹ (سوسی ایشن) کے حوالے کر رہے ہیں

مشترکہ اجلاس میں شرکت اور قانون سازی میں تعاون، شاہ محمود قریشی کا شہباز شریف اور بلاول کو شکریہ کا خط

پارلیمنٹ کے مشترکہ اجلاس میں اپوزیشن جماعتوں نے جس طرح بالغ نظری کا مظاہرہ کیا وہ قابل تحسین ہے، مخدوم شاہ محمود قریشی

میں کشمیر پالیسی کے حوالے سے آئندہ کا لائحہ عمل مرتب کرنے کیلئے آپ کی جانب سے مثبت تجاویز کا منتظر رہوں گا، گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) وزیر خارجہ مخدوم شاہ محمود قریشی نے پاکستان مسلم لیگ نواز کے صدر میاں شہباز شریف اور پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری کو شکریہ کے خطوط لکھ دیئے۔ منگل کو وزیر خارجہ نے ایف اے ٹی ایف اور کشمیر کے حوالے سے 6 اگست کو بلائے گئے پارلیمنٹ کے مشترکہ اجلاس میں اپوزیشن کی شرکت اور قانون سازی میں معاونت پر پاکستان مسلم لیگ ن کے صدر اور قائد حسب اختلاف میاں شہباز شریف اور پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری کو شکریہ کے خطوط ارسال کیے۔

حکومت کے دن گنے جا چکے ہیں لوگ ان سے ٹکرائیں گے، ن لیگ

حکومت کے دن گنے جا چکے ہیں، لوگ ان سے ٹکرائیں گے، کارکنوں نے اپوزیشن کو مجبور کیا ہے کہ وہ حکومت کیخلاف میدان عمل میں نکلیں

مریم نواز دو ماہ مزید ایسے باہر آئیں تو حکومت پریشان ہو جائیگی، پورے شہر میں رکاوٹوں سے حکمرانوں پر طاری خوف دیکھا جا سکتا ہے، مریم اورنگزیب

لاہور (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے مرکزی رہنماؤں نے کہا ہے کہ مریم نواز کی تیپ میں پیشی سیاسی تحریک کے آغاز کا ٹریلر ہے، اس حکومت کے دن گنے جا چکے ہیں، لوگ ان سے ٹکرائیں گے، کارکنوں نے باہر نکل کر اپوزیشن جماعتوں کو مجبور کیا ہے کہ وہ حکومت کے خلاف میدان عمل میں نکلیں، اگر تیپ نے مریم نواز کو طلب کیا ہے تو پھر رکاوٹیں کیوں لگائی گئیں، اگر مریم نواز دو ماہ مزید ایسے باہر آئیں تو حکومت پریشان ہو جائے گی۔ ان بقیہ نمبر 37 صفحہ 3 پر

صوبائی وزیر داخلہ میر سیاء اللہ لانگو، صوبائی وزیر مٹھا خان کاکڑ اور بینش کمار اسمبلی کارروائی کے دوران بات چیت کر رہے ہیں

کورونا سے دنیا بھر میں سات لاکھ 36 ہزار ہلاکتیں، امریکہ تاحال سرفہرست

برطانیہ نے اکتوبر کے آخر تک فٹبال میچز میں شائقین کی آمد پر پابندی لگا دی، فن لینڈ میں سیاحوں کا کورونا ٹیسٹ لازمی قرار

نیویارک (این این آئی) کورونا وائرس دنیا بھر سے 7 لاکھ 36 ہزار جانیں لے گیا۔ امریکا میں اموات ایک لاکھ 65 ہزار سے زیادہ ہو گئیں۔ برازیل میں ایک لاکھ ایک ہزار اور بھارت میں 45 ہزار سے زیادہ ہلاکتیں ہو چکی ہیں۔ مختلف ممالک میں وائرس کے پھیلاؤ کو روکنے کے لئے مختلف اقدامات بھی کئے جا رہے ہیں۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق کورونا وائرس دنیا بھر سے 7 لاکھ 36 ہزار جانیں لے گیا۔ امریکا میں اموات ایک لاکھ 65 ہزار سے زیادہ ہو گئیں۔ برازیل میں ایک لاکھ ایک ہزار اور بھارت میں 45 ہزار سے زیادہ ہلاکتیں ہو چکی ہیں۔ مختلف ممالک میں وائرس کے پھیلاؤ کو روکنے کے لئے مختلف اقدامات بھی کئے جا رہے ہیں۔

کرونا وبا پہلے امیر اور آخر میں غریب ملکوں میں ختم ہوگی، بل گیٹس کی پیش گوئی

کرونا کی وبا سے ابھی مزید ہزاروں کی تعداد میں افراد لقمہ اجل بن سکتے ہیں، بل گیٹس کا انٹرویو

لندن (این این آئی) دنیا کی امیر ترین شخصیت بل گیٹس نے کہا ہے کہ کرونا وائرس امیر ممالک میں پہلے ختم ہوگا مگر غریب ممالک اس وبا کا بدستور شکار رہیں گے۔ غریب ملکوں میں کرونا کی وبا سب سے آخر میں ختم ہوگی، امیر ممالک میں کرونا کی وبا دو سال نہیں بلکہ 2021 کے آخر میں ختم ہونا شروع ہوگی جب کہ غریب ملکوں میں اس کے بعد یہ وبا ہم ہوگی۔ عرب ٹی وی کے مطابق بل گیٹس کا یہ بیان ایک ایسے وقت میں سامنے آیا ہے جب پوری دنیا میں کرونا ویکسین کی تیاری کے لیے پیش رفت کی امید افزا خبریں آ رہی ہیں۔ ماہرین یہ توقع کر رہے ہیں کہ کرونا وبا رواں سال کے آخر تک ختم ہو جائے گی مگر بل گیٹس کے بیان میں کہا گیا کہ کرونا کی وبا سے ابھی مزید ہزاروں کی تعداد میں افراد لقمہ اجل بن سکتے ہیں۔

لورالائی، ڈپٹی کمشنر کیپٹن (ر) فیاض علی یوم آزادی کی تیاری کے حوالے سے ضلعی آفیسران کے منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

بلوچستان کا نہری نظام پرائیویٹ کرنے کی اجازت نہیں دینگے، کینال لیبر یونین

بلوچستان کے گرین بیلٹ کو تباہی سے دوچار کرنے اور نہری نظام فروخت کرنیوالے ایری گیشن کے ملازمین و مزدوروں کے معاشی قاتل ہیں، ایاز

کوئٹہ (این این آئی) محکمہ ایری گیشن بلوچستان کا نصیر آباد، جعفر آباد میں نہری نظام اور ایری گیشن ورکنگ ڈائریکٹریٹ کوئٹہ شیلے کے حوالے کرنے کی اجازت کسی کو نہیں دی جائے گی۔ بلوچستان کے گرین بیلٹ کو تباہی سے دوچار کرنے اور نہری نظام کو فروخت کرنیوالے ایری گیشن کے ملازمین و مزدوروں کے معاشی قاتل ہیں۔ آئندہ سندھ اور دیگر علاقوں کے لوگوں کو ایری گیشن بلوچستان میں بھرتی کرنے کی اجازت نہیں ہوگی چیف سیکرٹری بلوچستان اور سیکرٹری ایری گیشن سابقہ دور میں ایری گیشن بلوچستان میں سندھ کے لوگوں بھرتی کا نوٹس لیں اور یہ بھرتیاں فوری منسوخ کرکے وزیر اعلیٰ الیکشن ٹیم کی سفارشات کے بقیہ نمبر 46 صفحہ 3 پر

15 اگست سے تعلیمی ادارے کھول دینگے۔ رئیس غلام صدیق آبیزئی

حکومت اپنی پالیسیوں پر نظر ثانی کریں۔ نثار مشوانی

مستونگ (نامہ نگار) آج آل پرائیویٹ سکولز ایسوسی ایشن ضلع مستونگ کے صدر رئیس غلام صدیق آبیزئی نے ایک ہنگامی اجلاس بلایا۔ اجلاس میں جنرل سیکرٹری نثار مشوانی نائب صدر حاجی علی اصغر ہنگوئی نائب صدر خواتین امبرین قمبرانی ڈپٹی جنرل سیکرٹری مشتاق احمد بارونزئی فنانس سیکرٹری حاجی محمد رحیم دیوار غلام فاروق شاہوانی حاجی نذیر احمد سرپرہ قاری محمد عیسیٰ عبدالفتاح رند نور جہان علیزئی شامل بقیہ نمبر 45 صفحہ 3 پر

حالیہ بارش سے دیہی علاقوں سے زمینی رابطہ منقطع ہو گئے، مولانا شاہ محمد

پی ڈی ایم اے کے کردار نیٹ تقسیم تک محدود ہے، نظریاتی قلات

قلات (پ ر) جمعیت علماء اسلام نظریاتی کے ضلعی امیر مولانا شاہ محمد کوہ مفتر قاری رحمت اللہ کشمندی ڈپٹی کوہ مفتی عبدالناصر مینگل ڈاکٹر سراج احمد بگری بی بلوچ قاضی بشیر احمد و دیگر نے اپنے جاری کردہ بیان میں کہا کہ حالیہ بارشوں سے دیہی علاقوں سے زمینی رابطہ منقطع ہو چکے ہیں جس کی وجہ سے عوام بے حد پریشانی کا شکار ہے جس میں محمد تاہ و نیچار و امیری گزگ ترنک جوہاں ہنگورانن و دیگر علاقے شامل ہے ہنگورانن میں حالیہ بارش نے تباہی پھیلا دی کئی بقیہ نمبر 44 صفحہ 3 پر

گذانی موڑ کے قریب ٹریک حادثے میں 2 افراد جاں بحق 3 افراد زخمی ہو گئے، ایدھی ذرائع

حب (آن لائن) گذانی موڑ کے قریب ٹریک حادثے میں 2 افراد جاں بحق جبکہ 3 افراد زخمی ہو گئے ایدھی ذرائع کے مطابق گذانی موڑ کے قریب کار اور ٹرک میں تصادم کے نتیجے میں دو افراد جاں بحق اور تین زخمی ہو گئے زخمیوں کو فوری طور پر سول حب منتقل کر دیا گیا جہاں پر طبی امداد کی بقیہ نمبر 43 صفحہ 3 پر

ضلع گوادر میں بلین ٹری سونامی کے منصوبے پر تیزی سے کام جاری ہے، یار محمد دشتی

پسنی اور گوادر کے مقام شاہی پر ایک لاکھ تراسی ہزار ترلے لگائے گئے، محکمہ جنگلات گوادر کے ڈپٹی کنزرویٹر

کوئٹہ (این این آئی) محکمہ جنگلات گوادر کے ڈپٹی کنزرویٹر یار محمد دشتی نے کہا ہے کہ ضلع گوادر میں بلین ٹری سونامی کے منصوبے پر تیزی سے کام جاری ہے پسنی اور گوادر کے مقام شاہی پر ایک لاکھ تراسی ہزار ترلے لگائے گئے ضلع بھر میں شجرکاری مہم کے لئے ایک لاکھ پچاس ہزار نرسری قائم کئے گئے۔ انہیں بقیہ نمبر 51 صفحہ 3 پر

جعفر آباد کی تحصیل گندانہ میں آفیسران کی موجودگی کیلئے کیمپ آفس قائم کیا گیا ہے، عبدالرزاق خچک

نصیر آباد، ڈپٹی کمشنر جعفر آباد عبدالرزاق خچک نے کہا ہے کہ گزشتہ دنوں ہونے والی طوفانی بارشوں کے بعد تحصیل گندانہ میں سیلاب سے بڑے نقصانات پر ضلعی انتظامیہ فوری طور پر متاثرین کو ریلیف دینے کے لئے بنیادی بنیادوں پر کام کر رہی ہے ڈپٹی کمشنر جعفر آباد پیمانے پر عوام کو مالی نقصانات ہوئے ہیں کمشنر نصیر آباد ڈویژن عابد سلیم قریشی کی ہدایت پر ضلعی انتظامیہ فوری نقصانات کا جائزہ لینے کے لئے بنیادی بنیادوں بقیہ نمبر 52 صفحہ 3 پر

بی، ڈپٹی کمشنر بی ڈاکٹر یاسر خان بازئی 14 اگست کے سلسلے میں منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

ترکی کی بلیک میلنگ قبول نہیں، اپنی خودمختاری کا دفاع کریں گے، یونان

ترکی ہمارے آبی وسائل کو دھونس کے ذریعے استعمال کرنا چاہتا، خودمختاری کا بھرپور دفاع کیا جائے گا، بیان

اتھنز (این این آئی) یونان نے کہا ہے کہ وہ ترکی کی طرف سے دباؤ اور بلیک میلنگ کی پالیسی کو قبول نہیں کرے گا۔ یونانی حکومت ملک کی خودمختاری کا بھرپور دفاع کرے گی۔ عرب ٹی وی کے مطابق یونانی وزیر اعظم نے قومی سلامتی کونسل کے اجلاس سے خطاب میں کہا کہ ترکی ہمارے آبی وسائل کو دھونس کے ذریعے استعمال کرنا چاہتا ہے۔ انہوں نے ترکی کی طرف سے قبرص اور یونان کے درمیان سمندری علاقے میں تیل اور گیس کی تلاش کے لیے تحقیقاتی سمندری مشن بھیجنے کے اعلان کی مذمت کی۔

مریم نواز کی پیشی کے موقع پر پورے شہر میں رکاوٹوں سے حکمرانوں پر طاری خوف دیکھا جا سکتا ہے، مریم اورنگزیب

لیگی رہنماؤں اور کارکنان کو روکنا قابل مذمت ہے، عمران صاحب اگر ڈرتے ہو تو بتاتے کیوں ہو؟، مرکزی سیکرٹری اطلاعات

لاہور (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کی مرکزی سیکرٹری اطلاعات مریم اورنگزیب نے کہا ہے کہ مریم نواز سے اظہار یکجہتی کے لئے آنے والے مسلم لیگ (ن) کے رہنماؤں اور کارکنان کو روکنا قابل مذمت ہے، عمران صاحب اگر ڈرتے ہو تو بتاتے کیوں ہو؟۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ نیب نیازی گٹھ جوڑ کا عوام سے خوف آج پوری طرح عیاں ہے، رانا ثناء اللہ کو کنال روڈ پر روک دیا گیا ہے، پورے بقیہ نمبر 56 صفحہ 3 پر

آج کے دور میں جب فلم انڈسٹری کے عروج کا زمانہ یاد آتا ہے تو دل دکھی ہو جاتا ہے، بابر علی

فلم انڈسٹری کی زبوں حالی کی بہت سے وجوہات ہیں جن پر گزرتے وقت کیساتھ غور نہیں کیا گیا، انٹرویو

لاہور (این این آئی) سینئر اداکار بابر علی نے کہا ہے کہ آج کے دور میں جب فلم انڈسٹری کے عروج کا زمانہ یاد آتا ہے تو دل دکھی ہو جاتا ہے، فلم انڈسٹری کی زبوں حالی کی بہت سے وجوہات ہیں اور اگر یہ کہا جائے کہ ان پر گزرتے وقت کے ساتھ غور نہیں کیا گیا تو غلط نہ ہوگا۔ ایک انٹرویو میں بابر علی نے کہا کہ کم وسائل کے باوجود پاکستان کی فلم انڈسٹری نے بہت عروج دیکھا ہے لیکن آج وسائل ہونے کے باوجود وہ بات نہیں مل رہی۔

سینئر اداکار شہزاد رضا کے اعزاز میں خصوصی تقریب کا انعقاد کیا گیا

شہزاد رضا سے بہت سے لوگوں نے سیکھا ہے، لیجنڈ اداکار کے ساتھ کرنے پر فخر ہے، قوی خان، بہروز سبزواری

لاہور (این این آئی) سینئر اداکار شہزاد رضا کے اعزاز میں خصوصی تقریب کا انعقاد کیا گیا جس میں شوبز سے وابستہ سینئر افراد نے شرکت کی۔ شہزاد رضا کو خراج تحسین پیش کرنے کے لئے منعقدہ تقریب میں قوی خان، بہروز سبزواری، بشریٰ انصاری، انور اقبال، کاظم پاشا، شہزاد خان، یاسر نواز، غزالہ جاوید سمیت دیگر فنکاروں نے شرکت کی۔ قوی خان نے شہزاد رضا کو نوجوان قرار دیتے ہوئے کہا کہ اس سے بہت سے لوگوں نے سیکھا ہے۔

پروڈیوسرز نے سینما کھلنے کے بعد نئی فلموں کی نمائش کے حوالے سے منصوبہ بندی شروع کر دی

متعدد پروڈیوسرز مون سون اور محرم الحرام کو پیش نظر رکھتے ہوئے فلموں کی نمائش سے گریزاں ہیں، ذرائع

لاہور (این این آئی) پروڈیوسرز نے سینما کھلنے کے بعد نئی فلموں کی نمائش کے حوالے سے منصوبہ بندی شروع کر دی، متعدد پروڈیوسرز مون سون اور محرم الحرام کو پیش نظر رکھتے ہوئے فلموں کی نمائش سے گریزاں ہیں۔ ذرائع کے مطابق اس وقت چھ کے قریب اردو اور پنجابی فلمیں تیار پڑی ہیں جنہیں عید الفطر اور عید الاضحیٰ کے موقع پر کورونا وبا کی وجہ سے نمائش کی اجازت نہیں مل سکی تھی۔

لاہور میں پانچ ماہ بعد تھیٹر کی رونقیں بحال ہو گئیں

شہر کے مختلف تھیٹروں میں دعائی تقریبات اور مٹھائی کی تقسیم کا اہتمام کیا گیا

لاہور (این این آئی) شہر میں 5 ماہ بعد تھیٹر کی رونقیں بحال ہو گئیں اور شہر کے مختلف تھیٹروں میں دعائی تقریبات اور مٹھائی کی تقسیم کا اہتمام کیا گیا تاہم سینما گھر تاحال بند رہے گا۔ پانچ ماہ تک کورونا وائرس کی وجہ سے بند رہنے والے تھیٹر کھول دیئے گئے ہیں۔ تماشبین تھیٹر میں "گو کورونا گو" کے نام سے اسٹیج ڈرامہ پیش کیا گیا۔ ڈرامے میں نسیم وکی، شاہد خان، قیصر پیا، فیا خان سمیت دیگر فنکار شامل تھے۔

وزیر اعلیٰ بلوچستان جام کمال خان سے سینیٹر منظور خان کاکڑ ملاقات کر رہے ہیں

بہاؤ الدین زکریا یونیورسٹی میں زیر تعلیم 700 طلباء کی اسکالرشپ پنجاب حکومت نے بند کر دی ہے، ڈاکٹر نواب بلوچ

سب سے پہلے ہی بہترین اور خوددار گھرانے ہیں اب گزر اسکالرشپ بھی بند کر دیا گیا تو وہ جوانوں میں مایوسی کی لہر دوڑ جائے گی، بلوچ سٹوڈنٹس ایکشن کمیٹی

کوئٹہ (این این آئی) بلوچ اسٹوڈنٹس ایکشن کمیٹی کے چیئرمین ڈاکٹر نواب بلوچ نے کہا ہے کہ بہاؤ الدین زکریا یونیورسٹی میں زیر تعلیم 700 طلباء کی اسکالرشپ، پنجاب حکومت نے بند کر دی ہے جس کی وجہ سے طلباء، تعلیم حاصل کرنے سے قاصر ہیں، گورنر وزیر اعلیٰ بلوچستان، وزیر اعلیٰ پنجاب بلوچستان کے طلباء کی اسکالرشپ کو بحال کروانے میں کردار ادا کریں۔ یہ بات انہوں نے منگل کو قلات بلوچ بقیہ نمبر 48 صفحہ 3 پر

تین ماہ سے میونسپل کمیٹی کے ملازمینوں کو تنخواہیں نہیں دی جا رہی ہیں جس کی وجہ سے گھروں میں فاقہ کشی کا منظر ہے، عبدالجبار

ہمیں اب ادھار بھی نہیں مل رہا ہے جس کی وجہ سے ہمارے بچوں کو اسکولوں میں فیس اور دیگر مسائل کا بھی سامنا کرنا پڑ رہا ہے، نیاز

بی (این این آئی) تین ماہ سے تنخواہوں کی بندش، ریٹائرڈ ملازمین کی واجبات کی عدم ادائیگی و محکمہ پر قبضے کے خلاف میونسپل کمیٹی ایمپلائز یونین کی جانب سے علامتی بھوک ہڑتال چھٹے روز بھی جاری رہی علامتی بھوک ہڑتالی کیمپ میں عبدالجبار، یعقوب یونس اور عمران یونس کو پھلوں کے ہار پہنا کر سینکڑوں کارکنان کی موجودگی میں احتجاجی کیمپ میں بیٹھا اس موقع پر میونسپل کمیٹی ایمپلائز یونین بی کے صدر سید اسماعیل شاہ سینئر نائب صدر خوشی بخش ابڑو، نائب صدر مرزا خان سیلانی، نائب صدر محمد یوسف، جوائنٹ سیکرٹری منیر احمد رند، ڈپٹی جنرل سیکرٹری زاہد احمد، اسسٹنٹ سیکرٹری بلاول طاہر سہوترا، ایڈیا سیکرٹری اختر، آفس سیکرٹری زاہد ڈیل، فنانس سیکرٹری محمد انور منہاس، پریس سیکرٹری محمد انور رند، چیئرمین شفیق الرحمن رند، وائس بقیہ نمبر 49 صفحہ 3 پر

ملک میں حقیقی انقلاب کیلئے عوام کو اٹھنا ہوگا، سراج الحق

آدھی درجن مافیاز کی موجودگی میں ملک میں آئین کی بالادستی اور قانون کی حکمرانی کا تصور نہیں کیا جا سکتا، حکومت کی دو سالہ کارکردگی انتہائی مایوس کن ہے

مافیاز کی سپورٹ سے آنے والی حکومتوں نے ہمیشہ عوام کا استحصال کیا، وزیر اعظم اعتراف کرتے ہیں ان کو بھی چاروں طرف سے مافیاز نے گھیر رکھا ہے، امیر جماعت اسلامی

لاہور (این این آئی) امیر جماعت اسلامی سینیٹر سراج الحق نے کہا ہے کہ مافیاز کی سپورٹ سے آنے والی حکومتوں نے ہمیشہ عوام کا استحصال کیا، وزیر اعظم اعتراف کرتے ہیں کہ ان کو بھی چاروں طرف سے مافیاز نے گھیر رکھا ہے، چیف جسٹس نے درست فرمایا کہ مافیاز حکومتوں کو پالتے ہیں حکومتیں ان کا کچھ نہیں بگاڑ سکتیں، آدھی درجن مافیاز کی موجودگی میں ملک میں آئین کی بالادستی اور قانون کی حکمرانی کا تصور نہیں کیا جا سکتا، حکومت کی دو سالہ کارکردگی انتہائی مایوس کن ہے، قوم سوال کر رہی ہے کہ کورونا کی وباء میں عوام کے لیے مختص 12 سو ارب روپے کہاں خرچ ہوئے، موجودہ حکومت کا احتساب، احتساب بقیہ نمبر 38 صفحہ 3 پر

نصیر آباد، ڈپٹی کمشنر جعفر آباد عبدالرزاق خچک سیلاب سے متاثرہ افراد میں ٹینٹ تقسیم کر رہے ہیں

آزادی بہت بڑی نعمت ہے ہم آزادی کو شایان شان طریقے سے منائیں، زندہ قوم ہونے کا ثبوت دیں، یوتھ فورم کے صدر عمر علی خان مری

کوہلو (این این آئی) کوہلو میں جشن آزادی کی تقریبات کا آغاز یوتھ فورم کی جانب سے جشن آزادی موٹر سائیکل ریلی، دو رنجوں موٹر سائیکل سوار افراد کی شرکت اس موقع پر شرکاء نے پاکستانی پرچم، بینرز اور پلے کارڈز اٹھا رکھے تھے شہر پاکستان زندہ باد اور ملی نغموں سے گونج اٹھا اس موقع پر یوتھ فورم کے صدر بقیہ نمبر 57 صفحہ 3 پر

جے ٹی آئی تحصیل ٹانا صاحب عمومی اجلاس 14 اگست کو طلب کیا گیا

خانوزئی (پ ر) جمعیت علماء اسلام تحصیل ٹانا صاحب کے صدر نے کابینہ، تمام یونٹوں کے نمائندہ، شوریٰ اور عمومی کی مشترکہ اجلاس 14 اگست بروز جمعہ بوقت صبح 30:9 بجے جمعیت دفتر میں طلب کیا گیا ہے جس میں جمعیت علماء اسلام ضلع پشین کے صدر حافظ حبیب اللہ اور جنرل سیکرٹری محی الدین خصوصی خطاب کریں گے۔

کورونا کا خطرہ اب بھی موجود ہے، قواعد و ضوابط پر عمل نہ کیا گیا تو یہ دوبارہ پھیل سکتا ہے، اسد عمر

وباء کے خلاف وزیر اعظم عمران خان کی سمارٹ لاک ڈاؤن کی پالیسی کامیاب رہی ہے، وفاقی وزیر

لاہور (این این آئی) وفاقی وزیر منصوبہ بندی اور ترقی اسد عمر نے کہا ہے کہ کورونا وائرس کا خطرہ اب بھی موجود ہے اور اگر قواعد و ضوابط پر عمل نہ کیا گیا تو یہ وائرس دوبارہ پھیل سکتا ہے۔ نجی ٹی وی سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ وباء کے خلاف وزیر اعظم عمران خان کی سمارٹ لاک ڈاؤن کی پالیسی کامیاب رہی ہے۔ عوام سے اپیل ہے کہ ماسک پہنیں، ہاتھ ملانے سے گریز اور ہاتھوں کو متواتر دھونے جیسے احتیاطی اقدامات پر عمل جاری رکھیں۔ انہوں نے کہا کہ کورونا وائرس کے باعث پاکستان سمیت پوری دنیا کو معاشی بدحالی کا سامنا ہے۔

کورونا کیخلاف حکومت کی موثر پالیسیوں کے نتیجے میں ملک میں سیاحت کا شعبہ دوبارہ کھول دیا گیا، ذوالفقار بخاری

تسلسل کا انحصار لوگوں کے طرز عمل پر ہے، جنہیں کورونا وائرس سے بچاؤ کی احتیاطی تدابیر پر عملدرآمد جاری رکھنا چاہیے

لاہور (این این آئی) سیاحت کے قومی رابطہ بورڈ کے چیئرمین سید ذوالفقار عباس بخاری نے کہا ہے کہ کورونا وائرس کی وباء کے خلاف حکومت کی موثر پالیسیوں کے نتیجے میں ملک میں سیاحت کا شعبہ دوبارہ کھول دیا گیا ہے۔ ٹوئٹر پر اپنے پیغام میں انہوں نے کہا کہ پاکستان ان چند ملکوں میں سے ایک ہے جہاں کورونا وائرس کے مریضوں کی صحتیابی کی شرح تیز اور اطمینان بخش رہی جس بقیہ نمبر 58 صفحہ 3 پر

انتخابات کے بعد جی سیون اور روس کی میزبانی کرنا چاہتے ہیں، ٹرمپ

واشنگٹن (این این آئی) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہ وہ چاہتے ہیں کہ وہ نومبر کے صدارتی انتخابات کے بعد سات طاقتور ترین صنعتی ممالک کے گروپ جی سیون کی میزبانی کریں، میڈیا رپورٹس کے مطابق انہوں نے کہا کہ ان کی اب بھی یہ خواہش ہے کہ روس کو بھی جی سیون اجلاس میں مدعو کیا جائے۔

یہ طے ہو چکا ہے پاکستان میں اب ماضی کا کرپشن ماڈل نہیں چلے گا، ہمایوں اختر خان

سیاسی کمپیسی کی شکار اپوزیشن سے حکومت کو کوئی خطرہ نہیں، رہنماؤں اور میڈیا سے گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے سینئر مرکزی رہنما و سابق وفاقی وزیر ہمایوں اختر خان نے کہا ہے کہ یہ طے ہو چکا ہے کہ پاکستان میں اب ماضی کا کرپشن ماڈل نہیں چلے گا، ملک کو مسائل کی دلدل سے نکالنے کیلئے حکومت اور اداروں میں مکمل ہم آہنگی ہے، ملک میں بائیرڈ نہیں بلکہ جمہوری ماڈل ہے، حکومت کو گذشتہ دو رہ اپوزیشن سے کوئی خطرہ نہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے اپنے دفتر میں پارٹی کے مرکزی رہنماؤں کے وفد سے ملاقات اور میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ ہمایوں اختر خان بقیہ نمبر 59 صفحہ 3 پر

چین کی کمیونسٹ پارٹی کی امریکی عہدے داروں کے خلاف پابندیاں چلنے کی نہیں، سینیٹر ٹیڈ کروز

بیجنگ (این این آئی) امریکی سینیٹروں نے چین کے بعض امریکی عہدے داروں کے خلاف پابندیوں کے فیصلے پر کڑی نکتہ چینی کی ہے اور کہا ہے کہ اس طرح اس نے بائیڈن کی جاری اپنے کریک ڈاؤن پر سے توجہ ہٹانے کی کوشش کی ہے۔ سینیٹر ٹیڈ کروز کے ترجمان لورن بلیئر آرنسن نے عرب ٹی وی سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ چین کی کمیونسٹ پارٹی یہ خیال کرتی ہے کہ وہ سینیٹر کروز پر دباؤ ڈال کر پابندیاں عاید کر کے بائیڈن کی ٹویٹ پسند مہم لائی کی گرفتاری سمیت کریک ڈاؤن سے توجہ ہٹا سکتی ہے تو غلطی پر ہے اور اس کا یہ حربہ چلے گا نہیں۔

"پانامہ رانی" کا کرپشن کی بارات کیساتھ نیب میں پیش ہونا بھی منفرد مثال ہے، ترجمان پنجاب حکومت

ایسے ہی کرپشن کے جنازے نکلتے رہیں گے تو پاکستان اور اس میں بسنے والے عوام خوشحال ہوں گے

"پانامہ رانی" نے نیب پیشی کی آڑ میں کس کو "سیاسی مسل" دکھائے، قوم آگاہ ہے، مسرت جمشید چیمہ

لاہور (این این آئی) ترجمان پنجاب حکومت مسرت جمشید چیمہ نے کہا ہے کہ "پانامہ رانی" کا کرپشن کی بارات کے ساتھ نیب میں پیش ہونا بھی منفرد مثال ہے، کرپشن کے جنازے نکلتے رہیں گے تو پاکستان اور اس میں بسنے والے خوشحال ہوں گے، کارکنان کو تو باہر آنے کی کال دی جاتی ہے لیکن جن لوگوں نے کرپشن کی جائیداد کی وارث بننا ہے انہیں گھروں سے باہر نہیں لایا جاتا۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے ترجمان پنجاب حکومت مسرت جمشید چیمہ نے کہا کہ مریم بی بی نواز شریف کی بیٹی ہونے کے ناطے بقیہ نمبر 41 صفحہ 3 پر

یوم آزادی کو اس سال بھی شایان شان منایا جائے گا، یاسر بازئی

شہر بھر میں دوکانوں کی سجاوٹ سمیت تمام سرکاری و نجی عمارتوں پر چراغان قومی پرچم اور جشن آزادی کی مناسبت سے خیر مقدمی بینرز آویزں کیے جائیں گے

آزادی ایک نعمت ہے پاکستان کے قیام کے وقت بلوچستان نے جو قربانیاں دی، جشن آزادی کے تقریبات کے انتظامات کو حتمی شکل دی جا رہی ہے، ڈپٹی کمشنر بی یاسر خان بازئی

بی (این این آئی) ڈپٹی کمشنر بی ڈاکٹر یاسر خان بازئی نے کہا ہے کہ یوم آزادی کو ہر سال کی طرح اس سال بھی شایان شان منایا جائے گا، جشن آزادی کے تقریبات کے انتظامات کو حتمی شکل دی جا رہی ہے شہر بھر میں دوکانوں کی سجاوٹ سمیت تمام سرکاری و نجی عمارتوں پر چراغان قومی پرچم اور جشن آزادی کی مناسبت سے خیر مقدمی بینرز آویزں کیے جائیں گے پرچم کشائی کا رواج آزمائشی ملی نغمے قومی بقیہ نمبر 39 صفحہ 3 پر

کوئٹہ، گوادر میں فٹسل کا میچ کھیل رہے ہیں

روبی انعم 14 اگست کو اپنے یوٹیوب چینل سے لائیو شو پیش کریں گی

لاہور (این این آئی) نامور اداکارہ و میزبان روبی انعم 14 اگست کو اپنے یوٹیوب چینل سے لائیو شو پیش کریں گی۔ روبی انعم کو گزشتہ دنوں دل کی تکلیف ہوئی تھی اور پی آئی سی میں علاج کے دوران ان کے دل کی شریان میں سٹنٹ ڈالا گیا تھا۔ صحت میں بہتری آنے کے بعد اداکارہ روبی انعم بقیہ نمبر 62 صفحہ 3 پر

عینی طاہرہ نے اپنے پروڈکشن ہاؤس میں پہلے آڈیو گانے کی گانے کی ریکارڈنگ مکمل کر لی

لاہور (این این آئی) اداکارہ و گلوکارہ عینی طاہرہ نے اپنے پروڈکشن ہاؤس اے ٹی پروڈکشن میں اپنے پہلے آڈیو گانے کی گانے کی ریکارڈنگ مکمل کر لی۔ بتایا گیا ہے کہ عینی طاہرہ اے ٹی پروڈکشن کے تحت ہی گانے کی ویڈیو بھی بنائیں گی جس کے بعد اسے ریلیز کر دیا جائے گا۔

پاپ گلوکارہ نازیہ حسن کی 20 ویں برسی (کل) منائی جائے گی

لاہور (این این آئی) معروف پاپ گلوکارہ نازیہ حسن کی 20 ویں برسی کل (جمعرات) کو منائی جائے گی۔ نازیہ ح